یعنی آخر کیا ہوئی اس چمن کی سرگذشت
کچھ نہیں چھوٹے شمع انجمن کی سرگذشت
یہ ہوئی آخر کو مرغان چمن کی سرگذشت

مصحفی کتنے ہیں راہ عشق میں مارا پڑا
کون جانے کیا ہوئی اس بے وطن کی سرگذشت

خوشبو سے جسکی بوجھل عنبر سارا - بیٹے مشک کی نکہت
بال ایسے ہوئے ہیں کہ ریشم کا سے لپٹا - اللہ رے نزاکت
پاؤں میں کفک اور لگی ہاتھوں میں مہندی - از خون شہیداں
چہرہ وہ پری سا کہ جیسے نور کا بکا - رنگ آگ کی صورت
تلوار سے ابرو کج قتل پہ مائل - لب خوں کے پیاسے
پھولوں کی چھڑی ہاتھوں میں اور کانوں میں بالا - چتونیں شرارت
مسی کی دھڑی ایک تو تھی ہونٹھوں پہ کافر - اور ترشی سے پوچھی
بہت ستم اور وہ پانو کا لکھوٹا - جلوں خون کی ہو رنگت
پانوں میں الی وار پڑی کفش زری کی - دل جس سے ہو زخمی
اور سر پہ شرارت سے بندھا بالوں کا جوڑا - سج اور سج سوا ایک آفت
خونخوار نگہ [illegible] آپ سے بیگانی - سرشار نشے میں

ایک ہاتھ میں ساغر ہے تو ایک ہاتھ میں مینا - مستی کی سی حالت
آیا مرے گھر وہ میری دروازہ پہ دستک - میں گھر سے جو نکلا
دیکھا تو سر کوچہ ایک آشوب ہے برپا - پیدا ہے قیامت
تب میں نے کہا اس سے کہ ای مایۂ خوبی - کیا جی میں یہ آئی -
اس وقت جو آیا تو مرے پاس اکیلا - سمجھا نہ قباحت
یوں ہنس کے لگا کہنے کہ سن مصحفی یہ بات - گھر میں ترے مجھکو
لایا ہی ترا جاذبہ ہی کھینچ کے اس جا - تھی کسکو یہ قدرت

ردیف ث

یار ملتا ہے کوئی یہ آہ و زاری ہی عبث - اے دل اتنی بیکلی اور بیقراری ہی عبث
کوئی اس مجلس میں ہرگز داد غم دیتا نہیں - شمع سے کہدو کہ تیری اشکباری ہی عبث
غنچہ ایدھر مسکراتا ہے ادھر ہنستا ہے گل - اس چمن میں گریہ ابر بہاری ہے عبث
یہ نہیں وہ شب کہ جسکی صبح ہو ویگی طلوع - دم شماری کر دلا اختر شماری ہے عبث

وعدہ کرکے مصحفی کس دن وہ آیا تیرے پاس
تجکو اس پیمان شکن کی انتظاری ہے عبث

ردیف ج

رکھتا ہوں دل ایک میں تو تیری ہم کی احتیاج - کیا فقیر ہو دل خود دم سے کے احتیاج
دیتا ہی اسکے رخ کو باج - شام سے زلفوں لیا ہے خراج
آیا نہ لیکے معاشق اپنی - ہم عنصر ہیولا کی ہے یہی سراج
عاشقی کیوں نہ مبتذل ہو وے - کیا پروانہ شب کرے معراج

ہے دوا اوس مریض کی تجھ پاس | جسکا عیسیٰ بھی کر سکے نہ علاج

مصحفی فارسی کو طاق پہ رکھ
اب ہے اشعار ہندوی کا رواج

نہ تو اس شہر میں دوا کا رواج | اور نہ ہو ہے درد دل کا علاج
کسکو بھاتا نہیں ہے اپنا جگر | گل ہے ہر شاخ گل کے سر کا تاج
گر ہمیں اتنی دسترس ہوتی | نذر زلف کرتے شانۂ عاج
نالہ جاتا ہے تا بعرش بریں | ہے شب ہجر کی یہی معراج
کام کیا مجکو شور بلبل سے | میں ہوں اپنا طوطی قفس مزاج

مصحفی گلستان گیتی میں +
ڈھونڈھ لاوے کوئی تو مجھسا آج

ردیف "چ"

کب کا ایک عمر سے جھگڑا تھا دل جانکے بیچ | کام دونوں کا کیا یار نے ایک آن کے بیچ
جب کہ چہرے سے اٹھاتا ہے تو اے شوخ نقاب | برق پڑتی ہے ہمارے سر و سامان کے بیچ
خواب سے چونکے تو یاں ہمکو سفر پیش آیا | آنکھ کھلتے ہی پڑی بانگ جرس کانوں کے بیچ
میں وہ بلبل ہوں کہ مشتاق رہی اپنی چمن سے | رہنے کو گرد اسیر ہیں دیوار گلستان کے بیچ

سیر گلگشت گلستاں کی نہ ہمت کیجو
مصحفی لخت جگر ہیں میرے داماں کے بیچ

ردیف "ح"

چمکی ہی کیہ وہ ابروئی خمدار کسطرح | چلتی ہے آپ ہی آپ یہ تلوار کسطرح

کیا جانے کشمکش میں یہ جھگڑا کہاں چکے
ہے اختلاط سبحہ و زنار کس طرح

دستار و شملہ شیخ کا ہے خوف کی جگہ
نکلا ہے یہ ستارۂ دم دار کس طرح

جاتا ہوں اُس گلی میں تو سیر بطرف کو ہا
رہتی ہیں آنکھیں پر رخنۂ دیوار کس طرح

ہمسائگی پہ یار کی کیا جیکو خوش کروں
سبحے تب ہے کہاں وہ ہمسایہ دار کس طرح

دیوار گل جو ہووے تو رخنہ بھی ہو سکے
ہے درمیان حیا بھی دیوار کس طرح

بالیں پہ اسکی میں جو گیا شب بوقت نزع
دم توڑتا تھا مصحفی زار کس طرح

سحر ہے رخ پہ تیری زلفوں کے کھلانیکی طرح
سیکھے کوئی تجھسے پیار ہو کے لپٹانیکی طرح

نگاہ چھپے میں میری گاہے بکام دیگرے
ساری اسکے چشم میں سیکھے ہے پیمانیکی طرح

تھی بلا گردان شمع روی گل شب تا سحر
آخر آخر دیا بلبل نے پروانیکی طرح

گل جو رستے میں وہ ناگہ مل گیا تھی دیدنی
میری رہ جانیکی وضع اور اسکے رکجانیکی طرح

پھر گئیں کیا جانے کیوں ہم سے وہ زلفیں مصحفی
ہمتو رکھیں تھی دل انکا ہاتھ میں شانیکی طرح

سینے سے جلوہ گری تیری ابتدائی صبح
گل کھا گئی ہے بیاض گلو پہ صفائے صبح

ہمنے تو تیرے عہد میں ہاں اے شب فراق
دیکھا نہ خواب میں بھی نہ جانفزائی صبح

کھلجائے آنکھ گر تیری شب سے تو بخبر
قابل ہی سیر کے چمن دلکشائے صبح

جلتا ہوں میں کہ آکے ابھی کوئی یار سے
بھڑکا گئی ہے آتش دلکو ہوائے صبح

تو شام تک سکے تیری زلفوں کے حسن کو
لے آب و تاب صبح بناگوش پائے صبح

ہستی سے درگذر جو تو چاہے ہے وصل دوست
جلوہ ہے آفتاب کا بعد از فنائے صبح

ہمتو شب فراق سے مجبور ہو گئے
اس شب کو تو ہی صبح کر اب خدائی صبح

تقصیر وار گو کہ تمہارا ہے مصحفی
پر وہ نہیں کہ ہووے یہ عہد وفائی صبح

ردیف "خ"

آئے تھے ہی جب مچائے ہے اُسنے چھوں مل چیخ
دیکھا اُسکو ہو گیا ہے ہر ایک گلکا رنگ فخ

جب تلک کہ آنسوؤنکا ہمارے ہی پوافشرہ
ان آنسوؤنکے ہم نہیں محتاج آب یخ

لگائے ہاتھ کوئی اُس بدن کو کیا گستاخ
کہ جس بدنکو لگی ہو کبھی ہوا گستاخ

یہ برگ گل نہیں ہیں بلبلونکے لخت جگر
قدم نہ رکھیو خیابانیں اے صبا گستاخ

میں دیکھتا ہوں جو شانے کو اُسکی زلفوں میں
کھڑا ہوں یوں نہیں کبھی میرا ہاتھ تھا گستاخ

کبھی لیتی ہے گاہ اُسکے بوسے لیتی ہے
رکھ تیری کی سختی ہے تیری زلف بھی بلا گستاخ

قطعہ
سنا ہے مصحفی میں جب سے شعر عرفی کا
ہمیشہ ہاتھ گریبانسے ہے میرا گستاخ

لباس تنگ کنی قبا بیاد آور
کہ میکشاد سکے بندہای قبا گستاخ

ردیف "د"

نئی آپ دم آسکے ہیں میاں لبکا بالاسرد
ہل تیر الگتے ہی تو ٹھہر سکے ہوا سرد

کہاں تلک پھریں اوڑتے اسیر اُدھر صیاد
تیری ہی نذر ہیں اپنے لئے پشت پر صیاد

وہ خون گرفتہ ہوا کون قابل فتراک
جو آج دامن زیں ہے بہار پر صیاد

خدا کیواسطے چوب قفس کو سُرخ نکر
ہماری جونوں پہ باندھی ہے کیوں کمر صیاد

پھر اور کیا ہے سبب مرغ دل کی وحشت کا
نظر پڑا کوئی اے مصحفی مگر صیاد

کسطرح جاسکے کوئی واں کہ کوہ ہے گردن بلند
وہانکی دیواریں بلند اور درانکی سب ذرا بلند

اُس تلک میری رسائی کسطرح ہو مصحفی
دست کوتہ اپنا اور اُس شوخ کا دامن بلند

ہاتھ آجائے جو سیب ذقن یار کی گیند
نہ چھوئیں ہاتھ کبھی پھر گل گلزار کی گیند

گیند بازی سے اذیت نہ کہیں پہنچی تمہیں
کہ اچھلتی ہی بُری طرح سے سرکار کی گیند

جان قالب میں نہیں ماہ فلک کو اب تک
اُسنے دیکھی تھی تیری قالب دستار کی گیند

دل کو کیونکر نہ لگے چوٹ جو وہ وصل کی شب
پھینکی غصہ سے بنا میری طرف مار کی گیند

مصحفی ہے یہ غزل دوختہ سوزن فکر
آصف الدولہ بہادر کے ہے سرکار کی گیند

ردیف "ف"

شوق سے لکھئے اگر جانب جاناں کاغذ
ہو کبوتر کی طرح آپ پرافشاں کاغذ

پُرزے پُرزے ہی جو کوئی ہو سو لکھی نامہ شوق
بھیجنا یار کو ایسا نہیں آساں کاغذ

دردمندوں کا تیری نامہ جو پہنچے تجھ تک
کھولے اُسکو تو کرے نالہ و افغاں کاغذ

مصحفی نام ہے دیوان کا ہاں ہیں تو سہی
ورق گل کی طرح چند پریشاں کاغذ

ردیف "ر"

بہار گل نہ رہے اس قدر چمن میں دیر
کہ بیٹھے دل زدہ کوئی سایہ سمن میں دیر

بھلا تمیز تو کر پوسئے مشک و گیسو میں
رہی ہے باد صبا تو نے ہی تو ختن میں دیر

میں اس پتنگ کے جی دینے کا ہوں دیوانہ
جو گرکے شمع سے تڑپا کیا لگن میں دیر

رفوئے چاک گریبان گل کرائے ناصح
ابھی ہماری تو ہے چاک پیرہن میں دیر

گئے کہاں تجھے میاں مصحفی بتاؤ تو
لگائی رات بہت تم نے انجمن میں دیر

اُس تیغ زن کو یارو سیر و دے کیا خبر
قاتل کو بیقرارئے بسمل سے کیا خبر

منھ اٹھ گیا جدہر کو اُدہر ہی چلے گئے
آوارگانِ شوق کو منزل سے کیا خبر

شمع شبِ فراق سے بیٹھے ہم تو مصحفی
ہم دلجلوں کو عیش کی محفل سے کیا خبر

راتوں کو تو لگا بہ یعنی نہ اے ماہ لقا پہر
بازآ کہیں ان چالوں سے از بہر خدا پہر

پیسے دیدۂ تر وی ہیں کہ گر جوش پر آویں
دریا کو کہیں تو میری لہر وہیں بہا پہر

اے مصحفی رسوائی ہے ان باتوں میں ناداں
جوں سایہ تو اُس شوخ کے پیچھے نہ لگا پہر

یہ دلی کا نقشا سنوارا زمیں پر
کہ لا عرش کو یاں اُتارا زمیں پر

قسم ہے سلیماں کی بیٹھیں زمانہیں
کہیں پہ یہ بونکا تھا گذارا زمیں پر

ہیں وہ سنگ رہ ہوں کہ جو ٹھوکریں سا
پھرے ہر طرف مارا مارا زمیں پر

فلک لے ہوا سے بنے تئیں دور پھینکا
یہ حرکت ہوئی ناگوارا زمیں پر

ہیں آنکھوں کا تیری عجب ڈھنگ دیکھا
نظارا فلک پر اشارا زمیں پر

چلا شب وہ مجلس سے اٹھکر تو دونہیں
قیامت ہوئی آشکارا زمیں پر

تیرے کشتے کہتے ہیں آنکھوں سے تیری
نظر کیجو ٹک خدا را زمیں پر

کوئی مصحفی کو اٹھاتا نہیں ہے
پڑا ہے سو ایسا بچارا زمیں پر

ہمنے لٹا دیا ہے گھر بار تیری خاطر
سہتے ہیں ہم یہاں گرونا تیری خاطر

شاید کسی بہانے تو اٹھکر آوے ہم پاس
راتوں کو ہم رہے ہیں بیدار تیری خاطر

گر یوں نہیں تو پیارے کیا کام یاں ہمارا
آتے ہیں اس گلی میں ہر بار تیری خاطر

نازک مزاج تو ہے ہم کیا کریں کہ اِسکو
سنتے ہیں ہر کسی کی ناچار تیری خاطر

کیوں مصحفی جہاں میں رسوا ہوا ہی کہدوں
تیرے لیے ستمگر خونخوار تیری خاطر

وہ دن گئے کہ تھا تو شیریں مقالیوں پر
تیری زباں کھلی ہے ان روز و لالیوں پر
شب ایک جھلک دکھا کر وہ مہ چلا گیا تھا
اب تک وہی سماں ہے غرفے کی جالیوں پر
لاکھوں مثال تیری نظروں میں جلوہ گر ہیں
تو کس قدر عیاں ہے ان بے مثالیوں پر
کہہ دو صبا سے کوئی جلدی انہیں کھلا دے
ہوتی ہیں خون ناحق غنچوں کی لالیوں پر

اے مصحفی بتا تو کیا کچھ خوشی ہوئی ہے
ہے اندنوں جو چرچا تیرا اجالیوں پر

یوں ہی یہ نقاب اس بت بے پیر کے منھ پر
جیسے ورق سادہ ہو تصویر کے منھ پر
کیا جانے کسے ذبح کیے آئی ہے کافر
ہے آج تو سرخی تیری شمشیر کے منھ پر
گو غیر کی خواہش ہے تیری دل میں تو ہو دے
یہ بات نہ کہہ عاشق دلگیر کے منھ پر
عزت نہیں اس صید کی کچھ صید حرم میں
جو صید کہ آیا نہ تیری تیر کے منھ پر

اے مصحفی تو اور کہاں شعر کا دعوا
پھبتا ہے یہ انداز سخن میر کے منھ پر

بیٹھے جو کوئی اس بت پر فن کی برابر
اس دوست کو ہم سمجھے ہیں دشمن کی برابر
گزرے دل ہو کہیں آگے ہی جو اس بت کے تو وہ [illegible]
منھ اپنا لگا دیتا ہے چلمن کے برابر
انداز تو بسمل کا سمجھا اپنے وہ کیسا
رہتا ہے [illegible] آکر [illegible] دامن کے برابر
اس [illegible] قدرت ہی کہ اس [illegible] گذر [illegible]
منھ اپنا [illegible] کے برابر

نرمی کی توقع نہ کر اے مصحفی اس سے
ان سنگدلوں کا ہی دل آہن کے برابر

آیا سحر [illegible] وہ گل شاید چمن کے اندر
شعلہ سا شب پھرے تھا سرو چمن کے اندر

جو ہاتھ دلبروں کے دامن کو کھینچتے تھے
وہ کھینچ کے رکھی ہیں کیسے کفن کے اندر

گورے بدن کا اسکے عالم میں رات دیکھا
ایک نور کا جھمکڑا اٹھتا پیرہن کے اندر

شکوہ کا نامہ اسنے وہ خونچکاں لکھا تھا
چھریاں دھری تھیں جسکی ہر ایک شکن کے اندر

وعدہ نہ مصحفی سے جھوٹا کرو کہ صاحب
ہے ایک زباں حلال اس ساری بدن کے اندر

آسودگان خاک کے عالم کی سیر کر
کیا چھپ پڑی ہیں مجلس ماتم کی سیر کر

ایک قرص ماہ کے نظر آتے ہیں صبح ہلال
عارض پر اسکی طرۂ پرخم کی سیر کر

اے مصحفی بہار کے دن ہیں یہ نصیب
چل تو بھی باغ میں گل و شبنم کی سیر کر

دل لیگیا ہے میرا وہ سیم تن چرا کر
شرما کے جو چلے ہے سارا بدن چرا کر

ہونے دی خوش کسیکو سچ کہہ تو کیا کریگا
ہنچے تبسم اپنی ای خوش دہن چرا کر

کب مشک میں یہ بو ہی زلفوں کی تیری اگل
خوشبوئی لیگئی ہے باد ختن چرا کر

دزد حنائی پاسے ہشیار رہیو غافل
یہ لے نہ جاے تیرا کفش چکن چرا کر

باندھا کریں ہیں کیا کیا اے مصحفی بہشتی
مضمون تازہ میرے یہ ہم سخن چرا کر

آخر کو مصحفی تو دی جان تیری خاطر
جی سے گذر گیا وہ نادان تیری خاطر

کیا کیا جفا سہی ہے اس ستم جاں پہ میں نے
یہ جان میری تجھ پر قربان تیری خاطر

گر تو نہ ہو تو ہمکو کیا کام زندگی سے
ہے سب یہ زندگی کا سامان تیری خاطر

اس شوخ پر نظر کر لایا ہوں آسماں سے
چاندی کا مہ بنا کر گلدان تیری خاطر

تو شعر مصحفی کو جی سے سنے تو پیارے
پڑھ جاوے وہ تو سارا دیوان تیری خاطر

رنگ لیکے جاتی ہے جو ایک تو سو توڑی پتھر
کیا عجب اسکا اگر سر سے ہی پھوڑے پتھر

زخم بیداد کی لذت سے اگر ہو آگاہ
منہ کبھی دشنہ و خنجر سے نہ موڑے پتھر

کیوں نہ ہو شیشۂ دل جو رہے میرے پہلو میں
سینے ایام جنوں کھا کے ہیں توڑے پتھر

اک غزل اور بھی سن مصحفی تو جیسے کریں
خوب تر لعل و زمرد سے ہیں جوڑے پتھر

ماری ٹکروں کی یہ جب تک کہ نہ توڑے پتھر
دل سودا زدہ کب ہاتھ سے چھوڑے پتھر

مجتمع تھی جو میری خاک پہ تھوڑے پتھر
وہ بھی اس فصل میں لڑکوں نے نچوڑے پتھر

دل تو خوش ہوئے میرا عالم بالا سے اگر
آبگینے پہ فلک کے کوئی چھوڑے پتھر

طشت میں رنگ حنا اس کے جو بعد غسل
سنگ پا کا جو کوئی اسکی نچوڑے پتھر

مصحفی عاشق صادق ہے تو مت عشق سے بھاگ
منہ کبھی آتش سوزاں سے نہ موڑے پتھر

سجدہ گاہ اپنی کئے راہ کی روڑی پتھر
کعبہ و دیر کے ہیں چوم کے چھوڑے پتھر

شیشۂ دل جو میرا شیخ نے پھوڑا تو وہیں
جا کے مسجد کی ہیں دیوار کے توڑے پتھر

قصر لیلی کے لئے نجد سے تو اے مجنوں
کیا ہو لے آوے اگر لاکھ پہ تھوڑے پتھر

لیکے دلکو میری یوں اسنے چھپا رکھا ہے
جیسے پارس کا کوئی پا کے نہ چھوڑے پتھر

مصحفی راستے چھوڑ رائی وہ ہیں اب بھی نشان
تھی عمارت کے لئے اوسنے جو جوڑے پتھر

دل لیگئے آنکھوں میں یہ تدبیر لگا کر
آئے تھے جو کل سرمۂ تسخیر لگا کر

ہے لاش پہ کشتہ کے تیری طرفہ تماشا
ہر ایک چلا جائے ہے شمشیر لگا کر

کھلتا نہیں جب در تو چلے جاتے ہیں مردم
آنکھوں سے تیرا حلقۂ زنجیر لگا کر

شب ہم سے وہ روٹھے تو ہمیں چھوڑ کے باہر
جا گھر میں الگ سو رہے زنجیر لگا کر

اے مصحفی دل پھنکنے لگا راتسے میرا
کیا آگ گیا نالۂ شبگیر لگا کر

رات انکو کیا پھر وہ مشغلہ پر نقاب لیکر
پچھتا ہوگے کسیکا ناحق عذاب لیکر

بسمل ہوں میں کرو مت زخم جگر کا مرہم
مجھ نیم جانکا جاوے پورا ثواب لیکر

ابر سپید نے مجکو گھیرا ہے گلستاں میں
ساقی پہنچ شتابی جام شراب لیکر

آنکھیں میری بھر آئیں قاتل کو دیکھ حسرت
جب قتل کو وہ آیا تیغ خوشاب لیکر

پردے زمیں کے ہردم زیر و زبر رہیں گے
ہم خاک میں گئے گر یہ اضطراب لیکر

اب نام سے بھی میرے واقف نہیں جو کبھی
طفلی میں چلے تھا پیچھے کتاب لیکر

اے مصحفی سمجھ تو ناداں کہاں چلا ہے
سر پر چمن کی گٹھری مثل حباب لیکر

ردیف "ز"

شاید ہوئی نہیں میری حاجت روا ہنوز
سوئے فلک دراز ہیں دست دعا ہنوز

بیگانگی میں کیونکہ کروں ہائے رشک سے
کرتی ہے سیر وہ نگہ آشنا ہنوز

دیکھا تھا ایکدن کہیں اُس گلکو باغ میں
آوارہ چمن ہے نسیم و صبا ہنوز

ہاتھوں سے اُسکے رنگ حنا اُڑ گیا ولے
تڑپے ہیں خون میں کشتۂ رنگ حنا ہنوز

دیکھا تھا مصحفی نے کہیں اُسکو ایکدن
پھرتا ہے ہر گلی میں وہ سر پیٹتا ہنوز

وہی ٹھوکر ہے اور وہی انداز
اپنے چالوں سے ہے تو نہ آیا باز

اُسکا آہستہ بولنا ہے غضب
لب پہ ہے قصہ مرنے آواز

نہیں معلوم آگے آگے ہیں
کیا دکھاویں یہ طالع ناساز

یہ بھی قسمت کہ تیری مجلس میں
ہم ذلیل اور غیر ہوں ممتاز

زلف جھک کر سلام کرتی ہے — رخ کو اور رخ کی ہے عمر دراز
اے صبا اُس گلی میں گر جاوے — کہیو میرا بھی تو سلام نیاز
مصحفی لکھنؤ میں دلی سے — قطعہ — آیا ہے کر کے راہ دور و دراز

لیکن اس خاک میں بھی آ کے کہیں
کچھ نہ دیکھا بجز نشیب و فراز

بیگانگی ہی اوسکی ملاقات میں ہنوز — وا حسرتا کہ فرق ہی دن رات میں ہنوز
فندق ان انگلیوں نہیں ہی تو کیا ہوا — رنگینیاں وہی ہیں اشارات میں ہنوز
دیکھا تھا بات کرتے اُسے ساتھ غیر کے — سودا اپنا ہی کچھ ہے اسی بات میں ہنوز
اکدن فلک کو آہ کی ہیں دیکھا تھا پار سے — خون رو رہا ہوں اُسکی مکافات میں ہنوز
وہ نازکی کو دن میں پر تو بھی ہے صنم — لطف صفائی صبح تیری گات میں ہنوز

سمجھا تک اپنی دیدہ تر کو تو مصحفی
باقی کئی مہینے ہیں برسات کے ہنوز

ردیف سین

یار کرتا نہیں نگاہ افسوس — چشم پوشی ہے اوسکی آہ افسوس
تو نے میری طرف کو اے گمراہ — نہ غلط کی کبھو بھی راہ افسوس

مصحفی دست و تیغ خوباں سے
ہو گیا قتل بے گناہ افسوس

کون آتا ہے عیادت کو دل زار کے پاس — لوگ سب جمع ہیں اُس نرگس بیمار کے پاس

رشکِ معشوقی صیاد کا میں بندہ ہوں
جسنے رکھا ہے قفس کو میرے گلزار کے پاس

ہم یہ وہ مایہ کہاں لیکن رہے تقریب
جا کھڑے رہتے ہیں ہم اسکے خریدار کے پاس

مصحفی حشر سے ساقی کے نہ کر تو صحبت
بیٹھنا خوب نہیں صوفی کو میخوار کے پاس

میری طرح سے یار نے میلا کیا لباس
پر کیا کہوں پھبا اسے کیا ملگجا لباس

گو ڈر کا لعل کیوں نہ کہوں اسکے حسن کو
میلا ہی جس کے ہاتھ لگے ہی بھلا لباس

ہو تو کبھی کہیں نہ کہ پہنے اٹھا کے
پہنا کریں گر آپ اسی وضع کا لباس

ہے سر پہ اوڑھنی تیری کا ترے جھلملی
یا آسکے تیرہ شب کا ہوئی ہے ہوا لباس

پیراہن دیکھے حسن کا تیری شبیہ کو
نقاش بول اٹھا کہ یہی اسکا تھا لباس

پہنا جو میں نے جامۂ دیوانگی تو عشق
بولا کہ یہ بدن پہ ترے سج گیا لباس

چپ چاپ کرکے دیکھ تو ہی کس ڈھب سے مصحفی
پہنا ہے آج یار نے تیرے نیا لباس

ردیف "ش"

بھڑکے ہے تب عشق کے دل میں غضب آتش
اڑ گر یہ چڑک آپ کہ ٹک جا ہو سبا آتش

برق اسکے دم گرم سے کس طرح برآوے
ہو ہر نفس سرد کا جسکے لقب آتش

جل جائیگا عالم مجھے مت چھیڑیں لاؤ
ہے برق کے مانند مری زیب آتش

انگارے سے دیکھے ہیں مرے سینے میں اتنے
کس روز چھپا شعلہ ہوئی سرد کب آتش

اے مصحفی پوچھ اسکی نہ کچھ نرمی و گرمی
عالم کو ہے لطف آب ہے وقت غضب آتش

ردیف "ص"

رکھتا ہوں میں تیرے ہی سے اخلاص — ہرگز نہیں اور کسی سے اخلاص

پاس اپنے تو اے یار ہو سیم و زر خالص — یا اشک مصفا ہیں یا خون جگر خالص

تیرے لب شیریں کا وہ رتبہ نہیں پاتی — ہر چند فروشندہ رکھتا ہو شکر خالص

قطرات سے آنسو کے ہیں تار نظر روشن — ہیں اوس میں پروئے ہیں اسکے گہر خالص

اے مصحفی مسجد سے میخانے میں آتا ہے — پیتا ہے یہاں آکے ساقی سے لاکے تو بہ خالص

ردیف "ض"

دیکھ آئینہ میں اپنے وہ بہار عارض — پیار کے نظر و سے ہوتا ہے نثار عارض

گل کا یہ موہنہ ہے کہ حسن کا اسکے دعوی — پھر وہ ہو سکیں جسکے دو چار عارض

اب وہ سے عارض کے تلے ہاتھ دہرے سوتے ہیں — کبھی گالتکیوں پہ تھا جنکا قرار عارض

کیا برے لوگ ہیں وے ہی جو میرے گل رو کا — نگہہ گرم سے کرتے ہیں فشار عارض

مصحفی محو ہوں کس کا میں جو رہتے ہیں سدا
پتلی آنکھوں کے میری آئینہ دار عارض

ردیف "ط"

کس دن لکھا تھا آپ کو میں عاشقانہ خط — جو سو سو گا لیاں مجھے دیتے ہو لیے خط

عیش کہاں کدھر نشاط کہتے ہیں کسکو انبساط — خواب و خیال ہو گیا ہمکو تو عیش اور نشاط

آنکھیں سلا کے آؤ نگا اب تیرے بزم میں کہ لائے — دیکھوں میں تجکو کسطرح غیر سے گرم اختلاط

جان و دل اسکو ہمنے تو پہلے ہی چاہ دیا — آگے ہی نذر کر چکے اپنی جو کچھ کہ تھی بساط

داغ کہن کو تازہ پھر کرتے ہیں ہاے ہمنشیں — یاد جب آتے ہیں ہمیں اسکے قدم ارتباط

شب سے زیادہ مصحفی رہنے کا اسمیں کیا ہے لطف
دہر ہے ایک کہن سرا چرخ ہے ایک کہن رباط

ردیف "ظ"

ہوئے نہ وصل کی دولت سے ہم کبھی محظوظ
جو رفتہ رفتہ ہوا بھی تو مدعی محظوظ

میں تجھسے اور کیا چاہتا ہوں ای گل تر
کرے ہو جسکو تیری خشک آشتی محظوظ

اگرچہ زخم نخستین نہ کارگر آیا
ہوا میں کہاں کے وسلے زخم آخری محظوظ

مزا اٹھا دیکھہ کہ اب تک ہوا نہ مجنوں تکو
کرے ہو ناقۂ لیلی کی ہمرہی محظوظ

ہوئی عشق سے نسبت درست پالکی
کرے نہ اوسکی تئیں شعر نسبتی محظوظ

تیرے کلام سے ہی نسبتی کو کیا نسبت
مقام اپنے ہیں ہے تو ہی مصحفی محظوظ

ردیف "ع"

جنکے مکان چمن ہیں وہ لوٹیں بہار شمع
ہم غمزدوں کی بزم میں کب ہے گذار شمع

تقدیر کا گلہ مجھکو اُسکے نصیبوں پہ کیا کہوں
پروانہ کس طرح سے ہوا ہے نثار شمع

دیکھا تھا اُسکو پردۂ فانوس سے کہیں
تھمتی نہیں ذرا مژۂ اشکبار شمع

پروانہ سر ٹپک کے لگن ہی میں مر گیا
ایسے کہاں نصیب کہ ہو ہمکنار شمع

دیکھا ہے جب سے اُس مہ تاباں کو مصحفی
کچھ زرد ہو گیا ہے تبھی سے عذار شمع

ردیف "غ"

یا در پہ ہی بسا کرے ہے میرا خونخوار تیغ
کرتی ہی خون بیگناہاں گام گام تیغ

کبھی جو غصے کے وقت اُسکے ہاتھ آتی تیغ
تو اُسنے کھینچ کے میری ہی ایک لگائی تیغ

اُسے بھی سخت تمنائے شستِ پاتی تھی
بھلا ہوا کہ میرے خون میں نہائی تیغ

وہ پیچ پوچ کے کل مصحفی سے بگڑا تھا
لپٹ کے یاروں نے ہاتھ اُسکے سے چھنائی تیغ

جب اُسنے قبضہ پکڑ ہاتھ میں اُٹھائی تیغ
قیامت ایک غریبوں کے سر پہ لائی تیغ

نہ ہاتھ چوم سے لئے اُسکے دور کر دو ابھی
جب اُسنے سر پہ مرے پیار سے لگائی تیغ

سکے وہ کیونکہ نہ دل میں کہ مصحفی شب دوش
میں خالی دے گیا وار اُسنے جب لگائی تیغ

ردیف "ف"

تھی جو جنون زدہ گئی زنجیر کی طرف
ہمکو قضا جو لائی تو شمشیر کی طرف

اُسنے پاؤنکو لگائی جو حنا چاروں طرف
شعلہ ایک گل کی خیاباں کو لگا چار طرف

سیر گلشن کو نہ جا جان کہ رنگ گل سے
آتشیں ہو رہی ہے آج ہوا چار طرف

آتشیں دم جو سحر تیغ چمن نے کھینچا
کیسی گھبرائی پھری باد صبا چار طرف

کون ایسا وہ تیری تیغ کا کشتہ ہی جسے
ڈھونڈتی پھرتی ہے مقتل میں قضا چار طرف

مصحفی نے جو نکالی یہ زمیں تازہ
وو ہیں شور اسکی فصاحت کا پڑا چار طرف

ردیف "ق"

آگیا دیکھتی آنکھوں کے دن اور رات میں فرق
ہو گیا پھر میری اور اسکی ملاقات میں فرق

زندگانی کا جو تھا چین وہ مطلق نہ رہا
تیرے جاتے ہی نہیں آیا میری وفات میں فرق

تجھ میں کیا آئی یہ اُسکی جو وہ یوں روٹھ رہا
مجھسے کس روز ہوا اُسکی مدارات میں فرق

اور موسم میں جدا بھی رہو تم تو نہ رہو
پر میری جان نہ کرو موسم برسات میں فرق

مصحفی کر نہ عبث شکوہ ایام فراق
اگلی نسبت تو بہت ہی تیری حالات میں فرق

ردیف "ک" و "گ"

رکھتی ہے جو عارض کی تیری جلوہ گری رنگ
ویسا تو کہاں پاوی میاں حور و پری رنگ

دیکھا ہے تجھے جلوہ کناں جب سے چمن میں
ہر گل کا اڑاتی ہے نسیم سحری رنگ

جو نالہ کہ آغشتہ بخون سینے سے نکلا
پایا نہیں اسمیں بھی بجز بے اثری رنگ

تا دامن قاتل ہو نہ آلودہ تہمت
زخموں میں چھپاتا ہے یہ خون جگری رنگ

گر دیکھیے جوں شمع سحر بشری کو انکے
ہے بزم نشینان جہاں کا سفری رنگ

اے مصحفی جو گل کہ اوگا خاک سے میرے
لایا نہ وہ آخر کو بجز بے ثمری رنگ

چہرے پہ نازکی سی ہے جوش شکست رنگ
یہ تازہ گل ہے لالہ فروش شکست رنگ

فندق اگر یہی ہے تو جاویگا تا فلک
ہر برگ گل سے آج خروش شکست رنگ

گل روپ انکا دیکھیو چہری جو آج ہیں
کاہش سے غم کی جلوہ فروش شکست رنگ

گذرے گا بزم غیر میں جو تم پہ شب سحر
آکر وہیں کہیگا سر دوش شکست رنگ

اتنا میں تنگ ضعف ہوا ہوں کہ مصحفی
ہستی میری گراں ہے بدوش شکست رنگ

ردیف "ل"

کردیا اسکی کمر نے ہمکو بیمار خیال
بیٹھے بیٹھے ہو گئے ہیں ہم گرفتار خیال

گر خیال اسکا کبھی آیا ہے اپنے خواب میں
خواب میں بھی ہم رہے ہیں نازبردار خیال

دیکھئے سودائی کاکل سی بچیگا کیونکہ دل
بیطرح پیچھے پڑا ہے اسکے آزار خیال

اُسکے آنیکا بھی اب وہ بیوفا مانع ہوا
ہم غنیمت جانتے تھے جسکا دیدار خیال

ہو چکے وے دن جو وہ رشک قمر تھا روبرو
مصحفی اب میں ہوں تنہا اور شب تار خیال

ترسا نہ مجھکو کھینچ کے تلوار مار ڈال
گر مار ڈالنا ہے تو اک بار مار ڈال

کچھ ہمنے تیرے ہاتھ تو پکڑی نہیں لیا
گر جانتا ہی ہمکو گنہگار مار ڈال

صیاد تجھکو کسنے کہا تھا کہ فصل گل
مجھکو قفس میں کرکے گرفتار مار ڈال

جو جاں بلب ہو حسرت دیدار میں ترے
دکھلا کے اُسکو جلوۂ رخسار مار ڈال

سودائیاں عشق کا جھگڑا کہیں چکے
لیجا کے اُنکو بر سر بازار مار ڈال

گر یہ بھی ہو سکے نہ تو کہتا ہے مصحفی
دو چار کرلے قید میں دو چار مار ڈال

ردیف "م"

جب واقف راہ و روش ناز ہوئے تم
عالم کے میاں خانہ برانداز ہوئے تم

نسبت تمہیں کیا تازہ نہالان چمن سے
اب نام خدا سرو سرافراز ہوئے تم

میں تمسے نہ بولونگا کبھی ای لب بستہ
اُس بن بہ تبسم بھی اگر باز ہوئے تم

مرغان چمن کرتے ہو کیوں ہرزہ درائی
کیا قہر ہوا کچھ جو خوش آواز ہوئے تم

پہنے سے میاں جامہ گلرنگ کے یہ کیا
طاؤس صفت اور بھی طناز ہوئے تم

اے مصحفی مرغان چمن رہ گئے خاموش
جب باغ میں جا زمزمہ پرداز ہوئے تم

غنچہ نے تیرے لب سے لیا وام تبسم
اور آنکھونے سیکھا گل بادام تبسم

زلفوں میں اچھا نہیں کچھ اُسکے بنا گوش
پنہاں کرتی ہو سنت صبح پہ شام تبسم

جس گھر میں ہو خورشید رخ یار کا جلوہ
موجود ہو وہاں تا بلب بام تبسم

اُس زیر لبی خندہ کے کشتہ نہیں جوں جسکا
نزدیک ادا فہموں کے ہے نام تبسم

اے مصحفی میرے دل ناشاد کی خاطر
ایجاد کیا اُسنے بدشنام تبسم

جوں شمع داغ غم نے جلایا بدن تمام
نکلی نہ دل سے پر ہوس سوختن تمام

اُسکے بدن سے حُسن ٹپکتا نہیں تو پھر
لبریز آب و رنگ ہے کیوں پیرہن تمام

ہر قسم ہے یار کے لکنت کی مصحفی
گر اُسکے منہ سے ہمنے سنا ہو سخن تمام

وہ چاندنی رات اور وہ ملاقات کا عالم
کیا لطف میں گذرا ہے غرض رات کا عالم

ہے مجلس خوباں کے زہے اسیر کہ باہم
ہوتا ہے عجب انکے اشارات کا عالم

وہ کالی گھٹا اور وہ بجلی کا چمکنا
وہ مینہ کی بوچھاڑیں وہ برسات کا عالم

دیکھا جو شب ہجر تو رویا میں کہ اسوقت
یاد آیا شب وصل کے اوقات کا عالم

ہم مصحفی قانع ہیں بخشک و تر کیلیے
ہے اپنے تو نزدیک مساوات کا عالم

کیا وصل کی شب کی میں کہوں رات کا عالم
وہ رات تھی یارب کہ طلسمات کا عالم

اوقات بسر خون جگر کھا کے کروں ہوں
عالم سے جُدا ہے مری اوقات کا عالم

اے مصحفی چل تو بھی تطلب کو کہ کہیں ہیں
آتا ہے بہت جیڑ لو نئیں میوات کا عالم

خط پہ ہے سبزہ زار کا عالم
رخ پہ ہے نو بہار کا عالم

برق و سیماب نے کہاں پایا
اس دل بیقرار کا عالم

جل گئی شمع دیکھ عاشق کے
اس دل بیقرار کا عالم

خاکساراں دہر سے ہے جدا
اس تری خاکسار کا عالم

نکلی ہے اسکی زلف پرخم سے
سنبل تابدار کا عالم

کر گئیں ہیں قہر ساری آنکھیں بھی
پر غضب ہے خمار کا عالم

مصحفی روزگار کیسا ہے
کہ نہیں روزگار کا عالم

لطف و غمیں تیری یاری کو بیوفا تھے ہم
اسیری جان و دل بے خطا گرفتار تھے ہم

دامان جیب اپنا گریباں سے چمن تھا
تو سیر کو نہ آیا اور بہار تھے ہم

آئے تھے پاس تیرے جو دور دور سے ہم
کم بخت دیکھے اتنوں سے اشتیاق تھے ہم

صید زبوں سے اپنے کیوں تو نے منھ کو پھرا
اسیری کام کے تھے اگر ہزار تھے ہم

اے مصحفی تصور اسکا جو بندھ گیا تھا
با صد ہزار حسرت شب ہمکنار تھے ہم

کب لگ سکے ہے جفا کو اوسکی وفای عالم
تو جسکا ہو گیا ہے صبر آزمائی عالم

کیا لطف عاشقی کا اب رہ گیا ہماری
یہاں آخر جوانی وہاں ابتدائی عالم

ایسے سے داد خواہی محشر میں کیجیے ہے
ہر ایک غمزہ جسکا ہو فتنہ ہائے عالم

کب داد کو کسی کی پہونچا وہ روی دلکش
بیٹھے تو اوسکو پایا حسرت فزای عالم

جب عالم حیات سے بیگانہ وہ نگہ تھی
پاتی تھی تب بھی اوسکو ہم آشنای عالم

ہیں مصحفی ہم اب تو پابند حادثہ کے
دیکھیں ٹلے ہے کس دن سر سے بلای عالم

باس نفس سرد کی تھی سینے میں جا گرم
یا لب سے نکلتی ہی کیا لو چلی ہوا گرم

جاڑے کی لب اتنی نہ معلوم ہو مجھکو
آوے مری پہلو میں جو وہ تنگ قبا گرم

پرستش ہوی ایک کی ہرچند ہمیشہ — کوچے میں ترے حشر کا ہنگامہ گرم

صیاد ٹک آرایش زندان و قفس کر — ہیں سوختے اسیراں خبر باد صبا گرم

سنتے ہو میاں مصحفی آخر تو بکے ہو
ایک اور بھی پڑھ بیٹھو غزل اس سے سوا گرم

ہم کرنے نہ پائے تھے چمن میں ابھی جا گرم — جو آئی اٹھا نیکو ہیں باد صبا گرم

پھولوں کا چھڑک کر جو اسے بھیجے پنکھا — نازک ہے وہ اتنا کہ لگے اوسکو ہوا گرم

میں زخم جگر اوسکو دکھایا تو مزا دیکھ — لے منہ سے اوگال سنے وہ ہیں اپنے رکھا گرم

لے قیس خبر محمل لیلی تو ہووے — اس دشت سے آتی ہے کہ ہے آوازِ درا گرم

اے مصحفی خاموش کہ قایل ہوں میں تیرا
احسنت ہی مجلس کو بہت تو نے کیا گرم

ردیف "ن"

ایک عالم میں کیا تو دربدر میرے تئیں — پیش ازیں اے عشق اب رسوا کر میرے تئیں

اور سب تم سے ورے بیٹھے ہیں — ایک ہم ہیں کہ پرے بیٹھے ہیں

پھٹ چکا جب کہ گریباں تب سے — ہاتھ پہ ہاتھ دھرے بیٹھے ہیں

شیشہ کی طرح اے ساقی — چھیڑ مت ہمکو بھرے بیٹھے ہیں

قتل کا کس کے ارادہ ہے جو آپ — ہاتھ قبضے پہ دھرے بیٹھے ہیں

مصحفی یار کے گھر کے آگے
جیسے کتنے گھرے بیٹھے ہیں

آتا ہے جی ہی میں [illegible] یاد کر اپنا [illegible] — رونے سے بھی ٹک اپنا دل شاد کروں

کس واسطے بیٹھا ہے جیسا اٹھا تو [illegible] — کیا میں ہی کوئی نوحہ بنیاد کروں رووں

یوں دلمیں گذرتا ہے جاکر کسی صحرامیں / خاطر کو ٹک ایک غمسے آزاد کروں رووں
کسواسطے فرقت میں جیتا مجھے رکھا ہو / یعنی میں تیری صورت جیسا ہو کروں رووں
اے مصحفی آتا ہے یہ دلمیں کہ اب میں بھی / رونے میں تجھے اپنا استاد کروں رووں

زبسکہ چشم ترنے بہاریں نکالیاں / مژگاں میں اشک سرخ سی پہولوں کی ڈالیاں
لوہو بہرا ہے ہاتھ حنائی نہ پونچھیو / ازبسکہ اسنے کشتوں کی جانیں نکالیاں
کرتی ہیں خون سیکڑوں تجھکو بتاؤں کیا / پانوں کی سرخیاں تیری ہونٹوں کی لالیاں
کل کررہا تہا غیر سے نظروں میں گفتگو / پر دیکھتے ہی کچھ مجھے آنکھیں چرالیاں
اے مصحفی بتاں سے محبت نہ کیجیو / ظالم غضب کی ہوتی ہیں یہ دلّی والیاں
اوروں کی دیدبازیاں نظروں میں ٹالیاں / دیکھا جو ہمنے اسکو تو آنکھیں نکالیاں
تیر چشموں کے خوف سے ہر صبح باغمیں / جوں شاخ بید کانپتے ہیں پہولوں کی ڈالیاں
طوطی شکرشکن ہیں لب یار کچھ تو بول / کیدہر گئیں وہ اب تیری شیریں مقالیاں
دلمیں خیال زلف سے طوفاں نہ کیونکہ ہو / اکثر گھٹائیں اٹھتی ہیں ایدہر سے کالیاں
کرتے ہیں خون سیکڑوں عاشق کے مصحفی / جسوقت پان کہاتی ہیں یہ چونے والیاں

دل تیری بیقراریاں کیا تہیں / رات وے آہ و زاریاں کیا تہیں
تیرے پہلو میں اسکے مژگاں سے / برچھیاں یا کٹاریاں کیا تہیں
سرمہ دینے میں اسکے آنکھوں کی / کیا کہوں آبداریاں کیا تہیں
اپنا عاشق نہ تہا تو آئینے میں / نظریں وے پیاری پیاریاں کیا تہیں
مصحفی گر نہ تہا تو عاشق زار / پھر تو یہہ جاں نثاریاں کیا تہیں

نہ ہر دم ہر گھڑی اس ذلت و خواری پہ روتا ہوں
الٹا کر گر پڑا ساغر مرا کل دست ساقی سے
مجھے وقت وداع دوستداراں یاد آتا ہے
مرا دل زلف کے حلقوں سے ہرگز چھٹ نہیں سکتا

میں تھا آزادہ دل اپنی گرفتاری پہ روتا ہوں
تبھی تو طالع خستہ میں نگونساری پہ روتا ہوں
میں جب ناچار ہو کر اپنی ناچاری پہ روتا ہوں
میں اس بیمار کے پرپیچ بیماری پہ روتا ہوں

زمانہ سیم و زر سے مصحفی ایسا تھا کب خالی
نہ اپنے مفلسی عالم کی ناداری پہ روتا ہوں

ناپا کبھی نہ رو پیشہ عشق کا مرض
کافر تو ہو گئے تیری زلفوں کو دیکھ کر
پیچھے لگی وہ دو زلفیں دل زار کے پھریں
سن لو مرگ میرے میری دل کی خواہشیں

سو صد رنگیں اگرچہ اس آزار کی پھریں
از بسکہ تیغیں اور الالیعار کے پھریں
یہاں تک کہ آخرش کو اسے مار کے پھریں
ایک عمر گرد آرزوئے یار کے پھریں

کیا کیا نہ حور جھک کے بالوں کو کھول کر
گرد مزار مصحفی زار کے پھریں

ہے لیا گلزار آنکھوں میں
رات جاگا ہے تو کہاں چوتے
کام کر جاتے ہیں تیری آنکھیں
لال ڈورے ہیں اس پہ رو کے

کیا سماوے بہار آنکھوں میں
انتہا کے خمار آنکھوں میں
جھکے جھکے ہزار آنکھوں میں +
ہے قیامت بہار آنکھوں میں

تارے گن گن کے مصحفی کاٹی
میں شب انتظار آنکھوں میں

مخلوق ہوں یا خالق مخلوق نما ہوں
ہوں شاہد تنزیہ کے رخسار کا پردہ
ہے مجھ سے گریبان گل صبح مطر

معلوم نہیں مجکو کہ میں کون ہوں کیا ہوں
یا خود ہی میں شاہد ہوں کہ پردے میں چھپا ہوں
میں عطر نسیم چمن باد صبا ہوں

گوش شنوا ہو تو میرے رمز کو سب سمجھے — حق یہ ہے کہ میں ساز حقیقت کے نوا ہوں
ہستی کو میرے ہستی عالم نہ سمجھنا — ہوں ہست تو پر ہستی عالم سے جدا ہوں
یہ کیا ہے کہ مجھپر میرا عقدہ نہیں کھلتا — ہر چند کہ خود عقدہ و خود عقدہ کشا ہوں

اے مصحفی شانیں ہیں میری جلوہ گریں
ہر رنگ میں میں مظہر آثار خدا ہوں +

از بس تیری ادائیں مجھکو کڑھاتیاں ہیں — جب دیکھتا ہوں تجھکو آنکھیں پھراتیاں ہیں
کیونکر کہے میں نباندہوں مضمون تازہ ہر دم — سو باتیں تیری آنکھیں مجھکو سجھاتیاں ہیں

اے مصحفی تو اسکو مت دیکھ چوری چوری
کم بخت یہ نگاہیں تہمت لگاتیاں ہیں

تمہاری میری کج ادائیاں ہی رہیں — رہے جو پاس تو باہم لڑائیاں ہی رہیں
ہوئی نہ ساز میری اسکی صحبت شب ہائے — ادھر سے عجز ادھر سے رکھائیاں ہی رہیں

اب اسکے ملنے کا کیا لطف مصحفی باہم
نہ وہ سلوک نہ وہ آشنائیاں ہی رہیں

جہاں باز سپاہی یہیں بیجان ہوئے ہیں — کہتے ہیں اسی کوچہ میں گھمسان ہوئے ہیں
دیکھا ہے تجھے جبسے وخورشید لئے پھرتے — لے لیکے بلائیں تیری قربان ہوئے ہیں

اے مصحفی مت پوچھ کہ دلی سے نکلکر
کیا کہیے کہ ہم کتنے پشیمان ہوئے ہیں

ہوں ناحق ہے تیرا نقش و نگار دامن — کہیں تجھ گل نہ کھلا وسہ یہ بہار دامن
رنگینی گریہ خونی کی اودھر رنگینی — اب گریبان ہو کس شئہ سو دوچار دامن

مصحفی کیونکہ نہ بہر کوں میں کہ تحریک نسیم
آتش دل یہ میری کرتی ہے کار دامن

اول تو تھوڑی تھوڑی چاہت تھی درمیانیں
پھر بات کہتے لکنت آنے لگی زباں میں

صورت پہ اوسکی وارو جاتی ہے جان اپنی
ہر چند خوبصورت ہیں اور بھی جہاں میں

اے مصحفی وہاں سے ہم خوب رو کر آئے
سوئے چمن گئے تھے کیوں موسم خزاں میں

پھول لالہ کے نہ اونچا کے جو ہم نکلے ہیں
پے گلگشت جگر ہو کے بہم نکلے ہیں

ہیں دم تیغ پہ یہ دیدۂ حیرت زدگاں
پھول نرگس کے جو بے نوک قلم نکلے ہیں

ایسی آزردگی کیا تھی ہمیں اوس کوچہ سے
پھر نہ آنیکی جو ہم کھا کے قسم نکلے ہیں

جس بیاباں خطرناک میں اپنا ہے گذر
مصحفی تا فلک اوس راہ سے کم نکلے ہیں

تم گرم ملا ہے نہ سرما کے دنوں میں
پیش آئے ہے بگڑی ہی تو گرما کے دنوں میں

تو غرفے سے جھانکے نہ کبھی بام پہ آئے
پنہاں رہے تم حسن دل آرا کے دنوں میں

جی ہی میں رکھی اپنی میاں جیسی جو اوچی
کچھ ہم نے کہا تم سے تمنا کے دنوں میں

دل اپنا الجھتا تھا نہیں چند لوں بیگانہ
تھی زلف تیری طرح لیلا کے دنوں میں

مفلس ہوں ہے اے مصحفی افسوس کہ ہم نے
پیدا نہ کیا یار کو پیدا کے دنوں میں

بن دیکھے جسکی پل میں آنکھیں بھر آئیاں ہوں
کیا قہر ہے جو اوس سے یوں ہم جدائیاں ہوں

خطرا رہے گر اوس سے دو دن جدائیاں ہوں
آنکھیں نہ وہاں کسی سے اوس نے لڑائیاں ہوں

مشکل ہے اوسکا جینا جس کشتۂ وفا پر
مژگاں کی جنبشوں سے چھریاں چلائیاں ہوں

ہم چور دل کا اپنے کیونکر کہیں نہ اوسکو
آنکھیں ملا کے جسنے نظریں چرائیاں ہوں

کیا جانئے رشک سا ہمکو اے مصحفی رہے پھر
ساری بہانے اوسکی جب آشنائیاں ہوں

ہم تو اُس کوچے میں گھبرا کے چلے آتے ہیں
دو قدم جاتے ہیں پھر جا کے چلے آتے ہیں

دن کو زنہار ٹھہرتے نہیں اُس کوچے میں
رات کے ملنے کی ٹھہرا کے چلے آتے ہیں

وہ جو ملتا نہیں ہم اوسکی گلی میں دل کو
در و دیوار سے بہلا کے چلے آتے ہیں

جاتے ہیں کوچے میں ہم اُسکی تو واں غیر کو دیکھ
پھر نہ آنے کی قسم کھا کے چلے آتے ہیں

مصحفی کے تئیں دیکھیں ہیں جو وہ کشتہ پڑا
پاس جاتے نہیں شرما کے چلے آتے ہیں

اُس نازنیں کی باتیں کیا پیاری پیاریاں ہیں
پلکیں ہیں جسکی چھریاں آنکھیں کٹاریاں ہیں

ٹک صفحۂ زمیں کے خاکے پہ غور کر تو
صانع نے اس پہ کیا کیا شکلیں اتاریاں ہیں

دل کی طپش کا اپنا عالم ہی ٹک جدا ہے
سیماب و برق میں کب یہ بیقراریاں ہیں

اُن محملوں پہ آوے مجنوں کو کیوں نہ حسرت
جن محملوں کے اندر دو دو سواریاں ہیں

جاگا ہے رات پیارے تو کسکے گھر جو تیرے
پلکیں اونیدیاں ہیں آنکھیں خماریاں ہیں

نومید ہیں بظاہر گو وصل سے ہم اوسکے
دل میں تو سو طرح کی امیدواریاں ہیں

کیا پوچھتے ہو ہمدم احوال مصحفی کا
راتیں اندھیریاں اور اختر شماریاں ہیں

سنتے اُس کے خواہاں ہیں لو پیار کے ہو گئے ہیں
ہم لوگ ہیں بازاری دیدار کے ہو گئے ہیں

کیا نیکو ہوا ہمکو گلزار میں آ بیٹھے
اے صاحب گلشن ہم گلزار کے ہو گئے ہیں

دیوار میں جس گھر کے ہوں چار طرف رخنے
ہم گرسنہ چشم ایسی دیوار کے ہو گئے ہیں

ٹک کوہ کے دامن میں ہو سرو خراماں چل
واں کبک دری تیری رفتار کے ہو گئے ہیں

اے مصحفی سودی کو لوں لوگ تو وہ جیسے
کہتا ہے کہ ہاتھی ہی سرکار کے ہو گئے ہیں

چاہنے والے تیرے میرے سوا اور بھی ہیں
میں نہیں ایک گرفتار بلا اور بھی ہیں

جیسے گل تو نے دئے تھے مجھے لاکر ویسے
پھول اس باغ میں اب یا د صبا اور بھی ہیں

میں ہی جوں لالہ نہیں داغ بدل آتش بجگر
کشتۂ و سوختۂ رنگ حنا اور بھی ہیں

خواہش وصل کروں اس سے تو کہتے ہیں کہو
ہاں اس درد کی جو پاسے دوا اور بھی ہیں

مصحفی گوہر اشک اپنا جو پوچھو انہیں پاس
تو وہ خوش ہو کے کہتے ہیں مجھ سے آور بھی ہیں

ہے مے گلگوں کی تیری یہ گلابی ہاتھ میں
یا دل پرخوں ہو میرا ای شرابی ہاتھ میں

آستین اوسنے جو کھینچ تک چڑھا لی وقت صبح
آرہی مارے بدن کی بے حجابی ہاتھ میں

آیئے کیونکر شعر صاف ایسے ای وہ مصحفی
حسن اوسکی ہے فرد انتخابی ہاتھ میں

جی میں آتا ہے کہ بوسہ کف پا کا لیلوں
رنگ سا ہو شوخیہ تیری تازہ حنا کا لیلوں

قتل کرنے میں میری اتنی شتابی کیا ہے
ٹھہرا و بتا میں ذرا نام خدا کا لیلوں

میں دعا عرش پہ پہنچوں ہوں جا سے قبول
نالہ چاہے ہے اثر میں کی ہما کا لیلوں

ضعف اتنا ہے کہ پہنچوں میں نہ گلشن تلک
ہاتھ میں ہاتھ نہ تا باد صبا کا لیلوں

مصحفی میری تمنا ہے یہی اب لاتو مدام
کہ خواہش کو جو عہدہ امرا کا لیلوں

تخت طاؤس پہ جب دم ہو سلیماں کا جلوس
مورچھل ہاتھ میں میں بال ہما کا لیلوں

سرمشک کا ہے تیرا لتو کا فور کی گردن
تو ہوئے پری ایسی نہ یہ حور کی گردن

ساعد میں نہ پہلی تھی تیری پلکم پناں تھی
دال ہاتھ میں ماہی سقنقور کی گردن

یوں مرغ دل اوس کے پھندے میں پھنسا ہے
جوں رشتۂ صیاد میں عصفور کی گردن

دل کیونکر تیری جسد کا پر اسپہ نہ پہلے
صانع نے بنائی تیری بلور کی گردن

ایک ہاتھ میں گردن ہو صراحی کی مزا ہے
اور دوسرے میں ساقی مخمور کی گردن

ہر جنبش میں ہے کہ جھکا کے کوسفید کرتا ہے تجھے
یہ خم نہ ہوئی اس بت مغرور کی گردن

کیا جانئے کیا حال ہوا صبح کو اوسکا / ڈھلکی ہوئی تھی شب تیری رنجور کی گردن

یوں زلف کے حلقہ میں پہنسا مصحفی الواسے
جوں طوق میں ہووے کسی مجبور کی گردن

قطعہ درجواب اعتراضات انشا

ای آنکہ معارض ہو میری تیغ زباں سے / تو نے سپر غدر میں مستور کی گردن
ہی آدم خاکی کا بنا خاک سے پتلا / گر نور کا سر ہووے تو ہو نور کی گردن
ہیں لفظ سقنقور مجرد نہیں دیکھا / ایجاد ہی تیرا یہ سقنقور کی گردن
گردن کی صراحی کے لئے وضع ہی یاں دال / بیجا ہی خم بادۂ انگور کی گردن
اس سے بھی مگر گذرا غلطی اور یہہ سنئے / باندہی ہی کوئی خوشۂ انگور کی گردن
کافور تو ہیت کا اسے سمجھا ہیں عقل / اور آپ جو پھر باندہی تو سقنقور کی گردن
یہ لفظ مشدد وہی درست ابا ہی سمجھے / خم ہوتی ہی کوئی میری بلور کی گردن
آتی نہ تمیز آئی تجھے ربط ہی کچھ سے / پھر قافیہ میں تو نے جو منظور کی گردن
یوں سیکڑوں گردن تو گیا باندہ ہوا ہی / سوچی نہ تجھے حیف کہ مزدور کی گردن
جو گردنیں میں باندہی ہیں لا تجھکو دکھاؤں / تو مجھکو دکھا دے شب دیجور کی گردن
گردن کی تئیں چاہی ہی ایک شکل کشیدہ / خم کرکے سمجھ ٹک سر مقرور کی گردن
مضمون وہ میرا ہی ہی گو اور طرح سے / باندہی تو گماں اپنی سر رنجور کی گردن
گر قافیہ پیمائی ہی منظور تھی تجھکو / تو باندہتی نہ کسواسطے منصور کی گردن
لا کہوں ہی معانی کو کیا قتل پر افسوس / سوجھی نہ تجھے دستۂ ساطور کی گردن
منصف ہو تو پھر نام نہ لیوے گا ہرگز / یہ بوجھ اٹھا سکتے نہیں مور کی گردن
منظور ہی گر نیش نہ لی تجھکو تو باللہ / باندہی نہ گر خانۂ زنبور کی گردن
ٹوٹی ہوئی پنجے کی طرح میری قلم سے / جاتی ہی پچک شاعر مغرور کی گردن

انصاف تو کر آپہی کہ اک تیغ میں کیسی
میں کاٹ کے دعوے کی تری دور کی گردن

کہڑاگ یہ گایا پہ تیری ہاتھ نہ آئی
افسوس کہ اس تان پہ تنبور کی گردن

سوجا نہ سمجھے ورنہ بناتا تو سیدم
ناسور کی بتی کو بھی ناسور کی گردن

انصاف کیا اسکا میں اشب کی حوالے
جھکتی ہی جہاں مار کی اور مور کی گردن

وہ شاہ سلیمان کہ اگر تیغ عدالت
ٹک کھینچی تو ادہر ہو دل و دہیں فغفور کی گردن

جس سر پہ ٹک اپنا وہ رکھے دست نوازش
اُس سر کا بنے تکیہ سر حور کی گردن

اس در کا جو سجدہ اوسے منظور ہو تا
ملتی نہ فرشتوں کو کبھی نور کی گردن

اے مصحفی خامش یہ سخن طول نہ کھینچ جائے
یہاں کوتہ ہی بہتر سر پر شور کی گردن

ردیف "و"

بہار گل کی خوبی ہم دل افگار و نسی مت پوچھو
مزا گلگشت کا گلشن کے بیمار و نسی مت پوچھو

میرا جی جانتا ہی یا میں جانوں ہے وہ کیا جانیں
جو تم گذری ہی مجھ پر میری تم غمخوار و نسی مت پوچھو

جو کچھ ہم پر گذری ہی وہ پوچھو ہمسے کہدینگے
خدا کیواسطے ان کج ادا رفتار و نسی مت پوچھو

قطعہ
حسن کا شعر ہے میاں مصحفی کیا حسب حال اپنا
سنو تم ہمسے اسکو خانماں برباد و نسی مت پوچھو

گئے وے دن جو رہتے تھے جہاں آباد میں ہم بھی
خرابی شہر کی صحرا کے آوارو نسی مت پوچھو

رہنے دو میرے سینہ میں پیکانکو نہ چھیڑو
از بہر خدا ناوک جانانکو نہ چھیڑو

کہتا ہے جنوں کر دو چاک گریبان بہ یکسر
یارو کوئی اُس شوخ کے داماں کو نہ چھیڑو

اس دھوم سے آئی ہے بہار ابکی کہ ہر سو
قدغن ہے کہ برگ گل و ریحاں کو نہ چھیڑو

یہ وہ نہیں ناسور کہ ہو بند کسی سے
سینے دو میرے دیدہ گریاں کو نہ چھیڑو

روٹھا ہوں جو میں اُس سے تو من لو کہ ابھی
جاؤ کوئی مجھ تازہ پشیماں کو نہ چھیڑو

اے ناصحو کچھ فکر کرو چاک جگر کا
بیہودہ میری چاک گریباں کو نہ چھیڑو

زلفیں تیری زاہد سے الجھتی ہیں تو آنکھیں
کہتی ہیں کہ اس مرد مسلماں کو نہ چھیڑو

دکھتا ہے یہ دل اور یہی فریاد کرے ہے
مت ہاتھ لگاؤ دل والاں کو نہ چھیڑو

رہنے دو پڑا مصحفی خاک بسر کو
اس غمزدۂ بے سر و ساماں کو نہ چھیڑو

ہوا ہے عشق کا اظہار دیکھئے کیا ہو
سجی ہے اوسنے بھی تلوار دیکھئے کیا ہو

اب اوسکا چلنے میں پڑتا ہے کچھ قدم ترچھا
نکالی ہے نئی رفتار دیکھئے کیا ہو

بچے تھے مر کے جس آزار سے ہم الفت میں
ہوا ہے پھر وہی آزار دیکھئے کیا ہو

کشیدہ تیغ ہے وہ قاتل اور اوسکے حضور
کھڑے ہیں سارے گنہگار دیکھئے کیا ہو

تغافلوں نے تیری ہمسے روز محشر پہ
رکھا ہے وعدۂ دیدار دیکھئے کیا ہو

اٹھائے صدمے بہت ابتدائے الفت میں
الٰہی عاقبت کار دیکھئے کیا ہو

شب فراق میں دیکھا جو کچھ کہیں دیکھا
سحر ہوئے پہ نمودار دیکھئے کیا ہو

ملیں ہم اس مہ نامہرباں سے یا نہ ملیں
فلک سے رہیگے آزار دیکھئے کیا ہو

ہماری بزم سے اے مصحفی سحر ہوتے
گیا ہے ہوکے وہ بیزار دیکھئے کیا ہو

پھر عشق کا ان روزوں آزار ہوا مجھکو
جینا تیرے ہاتھوں سے دشوار ہوا مجھکو

پلکوں سے بلائیں لیں میں اپنی ہی آنکھوں کی
جس وقت تیرا پیارے دیدار ہوا مجھکو

مژگاں نے تیری پھر ان سینے پہ چلائی ہے
سر سے تیری آنکھوں کا تلوار ہوا مجھکو

میں اپنے تئیں درخور نہ تمہارا پایا پھر
محفل میں تیری پیارے جب بار ہوا مجھکو

اے مصحفی ایک بت سے پھر آنکھ لڑی میری

ہر تار گریباں پہ زنّار ہوا مجکو

ہے ہو ٹک اسطرف کو اجی پہر کے دیکہ لو
ایک ناتواں کا جاتی ہے جی پہر کے دیکہ لو

کشتہ کو اپنے چہوڑ کے بسمل کہاں چلے
یہ تو تڑپ رہا ہے ابہی پہر کے دیکہ لو

کیا مجہکو چہوڑ نزع میں جانا ضرور تہا
اور یونہی ہے خوشی تو ذری پہر کے دیکہ لو

مارا ہی جسکو تیغ نظر سے اُسی میاں
ابرو کی یوں کجی ہے کجی پہر کے دیکہ لو

وہ سنکے پہرا چمن سے چلے تو کہ اتنے میں
بولا یہ ہنسکے کبک ذری پہر کے دیکہ لو

میری نظر بہی کو لگے دور چشم بد
اسدم تو بن رہی ہو پری پہر کے دیکہ لو

تم مصحفی کو چہوڑ کے بسمل چلے گئے
رخصت حیا نے اتنی نہ دی پہر کے دیکہ لو

حسن اور عشق یار ہیں دونو
روز و شب ہمکنار ہیں دونو

چشم بد دور تیری چشم سیاہ
آفت روزگار ہیں دونو

تیر سے تیز نگہ کے اے صیاد
دیدہ و دل شکار ہیں دونو

زار روتی ہیں میری دیدہ تر
رشک ابر بہار ہیں دونو

جیب و دامن کا میری حال نہ پوچھ
اب تو ہیں تار تار ہیں دونو

بطر یوں کلیم اور قند سے
جان و دل سے یہ یار ہیں دونو

کوئی سمجھے تو مصحفی و خلیل
شعر میں یادگار ہیں دونو

یوں بیچ شب کے ہیں سوالات چلاؤ
پہ تجکو قسم ہے جو کہیں بات چلاؤ

کیا اپنی ہی ست کہتے ہو اس شوخ کی باتو
میرا بہی کہیں ذکر ملاقات چلاؤ

اوس انجمن خاص کے ای بیٹہنے والو
میرا بہی تو ذکر کسی رات چلاؤ

میاں مصحفی ہرگز نہ کرو کام کسی سے
سنبہلے سے ہوا اپنی تم اوقات چلاؤ

ردیف "ہ"

کیا نظر پڑ گئیں وہ چشم خمار آلودہ
شفق صبح تو ہے زور بہار آلودہ

قتل اپنے کا تو کچھ ڈر نہیں یہ ڈر ہے مجھے
کہ میری خون سے ہو دامن یار آلودہ

ایکدن رو کے نکالی تھی میں ہاں کلفت دل
اب تلک دامن صحرا ہے غبار آلودہ

پھول کیا چاہیے تربت پہ شہیدوں کو میرے
جوشش خون سے ہے خود خاک مزار آلودہ

مشتعل ایسکہ ہے سینہ میں میری آتش عشق
آہ جو نکلی ہے دل سے سو شرار آلودہ

مصحفی گلشن ہستی میں تو ہمکو ہرگز
نظر آیا نہ کہیں جز گل خسار آلودہ

اٹھنے سے تیرے ہو شور قیامت بھی گیا بیٹھ
اے فتنہ برخاستہ از بہر خدا بیٹھ

پیدا نہ کہہ اس روی دل افروز کے آگے
یوں چاہیے تو سب اپنا بدن جیسے چھپا بیٹھ

شمشیر سے کچھ کم نہیں محراب در اسکا
اس در پہ جو بیٹھے ہے تو گردن کو جھکا بیٹھ

کیا ہم نہیں پہچانتے یہ ساختہ صورت
غصہ سے ٹک ایک اور بھی تو منہ کو بنا بیٹھ

اے مصحفی کیا دیکھے ہے یہ مجلس خوباں
اک آدھ سے تو بھی کہیں یاں آنکھ لڑا بیٹھ

ہیں اشک کے قطرے کی میری پلکوں گرہ دیکھ
حسرت سے میں تیری ٹک ادھر اے رشک پری دیکھ

[illegible] جدا طوق میں پڑی ہیں [illegible]
گلشن میں رگ گل تیری نازک کمری دیکھ

لالے کی حنا باندھیں نہ کیوں پانو کو اپنا
یہ خون شہیدان ہے کہ نسیم سحری دیکھ

صیاد نہ رکھ میرے تئیں کنج قفس میں
میں صید زبوں ہوں میرے بے بال و پری دیکھ

لکھتا ہے غزل اور بھی ایک مصحفی اسوقت
رفتار کو اسکے کی ٹک اے کبک دری دیکھ

ردیف "ی"

جمنا میں کل نہا کر جب اوسنے بال باندھے
ہمنے بھی اپنے دلمیں کیا کیا خیال باندھے

آنکھوں سی گر کرے وہ زلفونکو ٹک اشارا
آویں چلے ہزاروں وحشی غزال باندھے

لالہ کی شاخ ہرگز لچکے نہ پھر چمن میں
گر سر پہ سرخ چیرا وہ نونہال باندھے

بندا ہوں میں تو اوسکی آنکھوں کے ساحری کا
تار نظر سو جسنے صاحب کمال باندھے

سوز دل اپنا اوسکو کیا مصحفی سناویں
آگو ہی وہ پھرے ہے کانوں سے شال باندھے

انداز کے صدقے ہیں نہ ہم ناز کے صدقے
گر ہیں بھی تو اس نرمے آواز کے صدقے

ایکبار اوڑا ہو نہیں تو مرغان گلستاں
سو بار ہوئے ہیں میری پرواز کے صدقے

مت دیکھ تو اوروں کی طرف میری طرف دیکھ
کافر میں تیری چشم فسوں ساز کے صدقے

اے مصحفی کیا تیرا بھی انداز سخن ہے
واللہ کہ ہیں ہم تو اس انداز کے صدقے

اوس طفل کو دیکھو تو یہ رنگ کسو کا ہے
شعلہ ہے شرارا ہی آتش ہے بھبوکا ہے

یا اسکا کبھی حلقہ وہ ساعد سیمیں تھا
یا حلقۂ آہن اب طوق اپنے گلو کا ہے

اب مصحفی خستہ اس در سے کدہر جاوے
مارا تیرے ابرو کا ہے کشتہ تیری مو کا ہے

یہاں ضعف سے یہ گردن زنہار نہیں اٹھتی
واں بار نزاکت کے تلوار نہیں اٹھتی

کب درد جگر مجھکو بیتاب نہیں کرتا
کب ہوک کلیجے سے یکبار نہیں اٹھتی

کب سلک گہر پیارے بازو سے ترے جدا ہوتی
رکھتی ہے کہ آخر کو وہ بار نہیں اٹھتی

میں نے جو کہا اوس سے چل بیٹھئے مجلس میں
بن آپکے واں لذت زنہار نہیں اٹھتی

تب منھ کو پھرا اپنے ایک ناز سے وہ کافر
بولا کہ میری ابتو پیزار نہیں اٹھتی

اے مصحفی میں کیونکر اس غم کو بھلا ٹالوں

ٹہالی پہ میرے رنل ہے سو یار نہیں اٹھتی

جسوقت کہ کوٹھو پہ وہ ماہ تمام آوے ؛ کیا دور ہے گر اوسکو سورج کا سلام آوے
کہتے ہیں کہ عاشق کو آتی ہے اجل جلدی ؛ کسطرح کا آتا ہے لئے صبح و شام آوے
پاؤنکو لگا مہندی دل خون کیا میرا ؛ کیا جانئے کیا آفت تا وقت خرام آوے
ہم آپ ہی خط لکھ لکھ بھیجیں ہیں اسی ورنہ ؛ مدت ہوئی اودہر سے نامہ نہ پیام آوے

اے مصحفی میں کیونکر سے پینے سے منھ موڑوں
جب یار ہو خود ساقی یا شیشہ و جام آوے

غبغب کی موج جاہ ذقن میں سما گئی ؛ گرتے ہی کچھ کوئیں پہ پھسلی سما گئی
ایک شاخ گل پہ صبح مری جا پڑی تھی آنکھ ؛ قامت کو تیری مجکو قیامت دکھا گئی
وارستہ عرب کے جو گذرا وہ خود فروش ؛ لیلی دو کان ناز کو اپنے اٹھا گئی
فغاں کہ سرسری سی کسیکی نگاہ لطف ؛ بیٹھے بٹھائے ایک ہمیں تہمت لگا گئی

کنج قفس میں ہتو رہے مصحفی اسیر
فصل بہار باغ میں دہوم مچا گئی

کون عہد وفا اس بت سفاک سے باندہے ؛ سرکاٹ کے عاشق کا جو فتراک سے باندہے
دریائے سرشک اپنا جو طغیان پر آوے ؛ دامن کو وہیں دامن افلاک سے باندہے
دل جو حرم میں تو میری آہ کا شعلہ ؛ قندیل ستون حرم پاک سے باندہے
پیدا گئی دل سے عجب کیا ہے جو عاشق ؛ تیر ادم خنجر جگر چاک سے باندہے

اے مصحفی شاعر وہ ہے جو ایسی زمیں میں
مضمون نئے قوت ادراک سے باندہے

وابستہ جو کنت دل صد چاک سے باندہے ؛ گر تار جگر ہوئے تو کیا خاک سے باندہے
مےمی سے کروں توبہ تو پہر ابر بہاری ؛ اوس سال تو خوشہ نہ رگ تاک سے باندہے

کل میں شب بھر انہیں تیری غصہ کی ماری
الماس کی ٹکڑے جگر چاک سے باندھے

ہم سجدہ ادا کر سکے اب سر کو ہمارے
نیزے پہ کہو خواہ وہ فتراک سے باندھے

کیا کیا نہ غزال ختنی مصحفی میں نے
اس وشت میں تار نظر پاک سے باندھے

جب اس بت نے مہندی بھری ہاتھ دیجو گی
ہم آنکھوں سے یک لخت خوناب روئے

جنہیں تیری ٹھوکر کا تھا دل میں کھٹکا
لحد میں بھی آرام سے وے نہ سوئے

زبس شوق تھا اسکو رنگ حنا سے
میری خاک پہ بیج مہندی کی بوئے

لگ مصحفی خون رویا ہے چپ چپ
ہیں سرخ اب تلک اسکی آنکھوں کے کوئے

دوری نہیں وہ چشم سیہ زار تو دل سے
دن رات اسے کام ہے خونخوار تو دل کا

ایک داغ نیا ہر بن مو پہ ہے نمایاں
یہ پھول چنے ہیں شہریار تو دل کی

شعلہ کا تیرے حسن کے فانوس بنا ہے
تو اس پہ بھی غافل ہے ہوا داری دل کا

غم کیونکہ چھپاؤں میں کہ چہرہ کا ہی رنگ
عالم کو نشاں دیتا ہے بیمار ہے دل کا

اے مصحفی جز درد و غم و نالہ و زاری
حاصل نہ کیا ہمنے تو کچھ پیار سے دل سے

ہو سچا ہے زباں تجکو وفاداری دل سے
کیا ہیں نہیں واقف تیری بیزاری دل کا

کرتا تھا یہ دل پیش ازیں مشق طپیدن
ہے اپنی شکایت ہمیں اظہار تو دل کا

کہا سیکو نہیں یاد کہ پہونچے ہے ہمیشہ
بیہوشی کا مژدہ ہمیں ہشیار تو دل کا

ان روزوں پھر اس شوخ کی آنکھوں کے گیا ہی
بازار نظر گرم خریدار تو دل کا

اے مصحفی سمجھے ہیں ہم اس شوخ کو عاقل
کیا لطف جو غافل نہیں معمار ہی دل سے

اب تو چشم جگر سے ہی بہنے — خون دل ہمکو اپنے پینے ہی ہے
کھینچکر تیغ یار آیا ہے — اس گھڑی سر جھکا دیئے ہی بنے
دل گرا ہی پڑے ہے سینے سے — اب یہ دل ہاتھ میں لیئے ہی بنے
یار کا صبح پر ہے وعدۂ وصل — ایک شب اور بھی جیئے ہی بنے

اب تو اس درد دل کی تاب نہیں
مصحفی کچھ دوا کیئے ہی بنے

آثار صبح ہجر کا انجام دور ہے — اے دیدہ اور رو کہ ابھی شام دور ہے
مے پی پلکوں تو دیکھو بدمستیاں میری — یا رو ابھی تو لب سے میرے جام دور ہے
بیٹھا ہے نقش سب کا لب یار پر درست — الا کہ اس نگین سے میرا نام دور ہے
جب سے نظر پڑی ہوا اس ابرو کی تیغ پر — ستر ہمارے بالش آرام دور ہے

کیوں مصحفی کو دیکھ کے کہتا ہے دور دور
مدت سے تجھسے آج یہ بدنام دور ہے

کچھ خون روئے گا ہی لخت جگر نکالے — پھر تو نے رنگ اپنے اے چشم تر نکالے
پھر تو بہار آئی اور غنچہ شگوفہ پھولا — ہر شاخ نے ثمر نے پھر برگ و بر نکالے
کوئے بتاں میں میری چپ رو ادھر نظر ہی — شاید کوئی پھر اور غنچے سے سر نکالے
اے شوق جانفشانی کچھ تو خبر نہیں ہی — دست ستم میاں سے شمشیر اگر نکالے

تو بس زمیں پہ اپنا اے مصحفی دھرے پانو
یہیں قدم سے تیرے وہ گنج زر نکالے

کٹ گیا ہے وہ ستمدیدہ کہیں مدت سے — کچھ خبر مجھکو دل اپنے کی نہیں مدت سے
نہیں آزردگی اپنی کو کریں گے ظاہر — دلمیں کھٹکے ہے تیری یہ جبیں مدت سے
کچھ نہ پوچھو کہ غم عشق بتاں سے یارو — گر رکھا ہے میری خاطر کو حزیں مدت سے

آسماں تازہ نہیں بر سر بیداد آیا — یاد ہے اسکے تئیں شیوہ کیں مدت سے

مصحفی اوسکی گلیوں میں رہا آخر شور
تھی مری خون کی پیاسی یہ زمیں مدت سے

اول تو یہ دہج اور یہ رفتار غضب ہے — تسپر تری پازیب کی جھنکار غضب ہے
خورشید کا منہ ہے کہ طرف ہوسکے اس سے — یعنی وہ برافروختہ رخسار غضب ہے
ابتک حرم وصل سے محرم نہوئے ہم — کعبہ میں حجاب اب در و دیوار غضب ہے
گر ایک غضب ہو تو کوئی اسکو اٹھا وے — رفتار غضب ہے تری گفتار غضب ہے

اے مصحفی اُس شوخ سے ٹک بچکے تو چلنا
سنتا ہے میاں وہ بت خونخوار غضب ہے

گلخن ہے کہ در تک کوئی یاں آنے نپاوے — اور پھر آوے بھی تو پھر جانے نپاوے
واں روزن دیوار بھی اب بند ہوئے ہیں — تاسینے روزن کوئی دکھلانے نپاوے
یوں صاحب بستاں کا ہی اب حکم کہ صیاد — اس باغ میں بلبل کا قفس لانے نپاوے
تو شوق سے لچکا قد جوں شاخ گل اپنا — پر موئے کمر دیکھیو بل کھانے نپاوے

کعبہ میں تو ہمکو نہ ملا مصحفی یار وہ
بھیجو کوئی قاصد اوسے بتخانے نپاوے

ایک پل میں بھلائے سب کچھ دہر زمانیکے — صدقے میں گیا تیری اس آنکھ لڑانیکے
ہمنے نہ لگایا دل ہر چند کہ عالم میں — اسباب مہیا تھے سب دلکے لگانیکے
اس آنے و جانے میں کیا ناز نکلتا ہے — صدقے تری آنے کے قرباں تری جانیکے
رفتار تری پھیر لائی تھی قیامت کل — انداز تھے سب اسمیں مردوں کے جلانیکے

میاں مصحفی اتنا تو رویا نہ کرو صاحب
خوناب سے سب تر ہیں تکیے بھی سرہانیکے

تیرا شوق دیدار پیدا ہوا ہے
پھر اس دل کو آزار پیدا ہوا ہے

یہ مدفن ہے کس کا جو ہر لالہ یاں سے
جگر خون دل افگار پیدا ہوا ہے

اوڑا دی ہیں لخت جگر آہ نے جب
ہوا میں بھی گلزار پیدا ہوا ہے

کہے تھی یہ طفلی میں دیکھ اسکو دایہ
یہ لڑکا طرحدار پیدا ہوا ہے

یہ دل مجھسے لڑتا ہے تیری طرف سے
کہاں انکا طرفدار پیدا ہوا ہے

میاں مصحفی بیچتے ہو جو دل کو
تو لاؤ خریدار پیدا ہوا ہے

ہستی ہے کہ ایک ابر ہوا دار اٹھا ہے
اس ہستی سے کتنوں کو ابھی مار اٹھا ہے

دیکھے جو کوئی اوسکو تو کہتا ہے کہ اللہ
یہ طفل بھی کیا شوخ و جفاکار اٹھا ہے

اوس بزم میں آیا ہے میرا ذکر تو ناگاہ
وہ ہاتھ میں لیکر وہیں تلوار اٹھا ہے

چاند ابر میں جاتا ہے چھپا شرم کے مارے
شاید کہ تیرا پردۂ رخسار اٹھا ہے

میں ساعد نازک کے تیرے صدقے ہوں تجھسے
کیونکر قفس مرغ گرفتار اٹھا ہے

اے مصحفی دل جنے اٹھایا ہے جہاں سے
اٹھتے ہوئے وہ یاں سے سبکسار اٹھا ہے

نہ کہیں صبح ہی ہوتی ہے نہ خواب آتا ہے
رات کیا آتی ہے ایک مجھپہ عذاب آتا ہے

قاصد اوس کوچے سے پھرنے کا نہیں اے ہمدم
جھوٹ کہتا ہے کہ نامے کا جواب آتا ہے

میں تیرے واسطے سر ٹیکوں ہوں دیوار سے
چین کس طرح تجھے خانہ خراب آتا ہے

فرصت وقت غنیمت ہے کہ اے دل وہ شوخ
آج اس راہ سے بدمست شراب آتا ہے

مصحفی کے بھی کچھ احوال کی ہے تجکو خبر
روز اس کوچے میں باچشم پر آب آتا ہے

سر اوسکے یہ کیا کوئی دستار باندھے
جو پھرتا ہو گلیوں میں زنار باندھے

کمر باندھتے تو کیا قتل عالم
قیامت ہے جس دم وہ تلوار باندھے

کوئی سحر سے باندھتا ہے دکاں کو
وہ کافر جو آوے تو بازار باندھے

نہ ساون کرے نیر برسنے کا دعوی
جو یہ دیدۂ تر کبھی تار باندھے

تپ دل سے ہے درد سر مصحفی کو
سر اپنا نہ کیونکر یہ بیمار باندھے

باتوں نے اوسکے ہمکو خاموش کر دیا ہے
گو زبان تہی لیکن اب گوش کر دیا ہے

جب یار قد میں تیرے کھینچا ہے میں نے نالہ
سرو چمن سے اوسکو ہمدوش کر دیا ہے

اے مصحفی اٹھا ہے جب اوسکے میرے شعلہ
بار آستین میں اوسکو خاموش کر دیا ہے

دامن کی ایک جھپک نے مدہوش کر دیا ہے
مثل چراغ ہمکو خاموش کر دیا ہے

ہمراہ آہ از بس لخت جگر اوڑے ہیں
یہ عرصہ ہوا کو گلپوش کر دیا ہے

کون آیا ہے نہانے لطف بدن کو کیسے
لہروں سے سارا دریا آغوش کر دیا ہے

نوبت سخن کی ہم تک جب آئی ہو ادب سے
خاموش کہکے سب کو خاموش کر دیا ہے

مجلس میں مصحفی کے آیا ہے جو بدعوی
میں ایک قدح میں اوسکو بیہوش کر دیا ہے

منظور گر تمہیں یہی تماشائے خلق ہے
وابستہ ایک نظر کی تمنائے خلق ہے

افسوس نجانے تو اوسکی ہی قدر کو
جو شخص تیرے واسطے رسوائے خلق ہے

کسطرح کوئی چین سے بیٹھے کہ رات دن
دور سپہر درپے ایذائے خلق ہے

میرا گناہ کیا ہے جو مجھ بیگناہ پر
عالم سمٹ کر آیا ہے دعوائے خلق ہے

معنی طلب کی صورت غالب پہ ہو نظر
صورت پرست محو تماشائے خلق ہے

پھرتا ہے نت وہ برہنہ رو جیسے آفتاب
گو خلق دیکھے کب اسے پروائے خلق ہے

شاید کہ آج مصحفی مارا گیا کہیں
اوسکی گلیوں سے کہتے ہیں غوغائے خلق ہے

کوچہ تیرا نہ جائے تماشائے خلق ہے
ہر نظارہ بیہودہ غوغائے خلق ہے

کم ہے کم بغل پہ وہ ہوتا ہے ملتفت
نت جسکے ساتھ گرمی سودائے خلق ہے

میں ہوں وہ خاک راہ کہ کوچہ میں یار کے
میرا سر شکستہ ہے اور پائے خلق ہے

کچھ شعر و شاعری سے نہیں مجکو فائدہ
الاحصول کاوش بیجائے خلق ہے

چل تو بھی مصحفی کہ وہ نکلا ہے بزم سے
ہے بار عام نوبت صحرائی خلق ہے

کیا کہوں بات میں اس گریہ کی طغیانی کی
کشتئ نوح اسے گریہ نے طوفانی کی

خوشے خوشے میری مژگاں نے گرے دامن میں
دانۂ اشک نے اس سال فراوانی کی

نوبہار آنے سے سودائی جنوں تازہ ہوا
سبزہ کی موج نے پھر سلسلہ جنبانی کی

جو سدا محو رہے اپنی ہی آرائش کا
اوسکو کیا فکر میری بے سرو سامانی کی

فصل گل میں بھی رہے کنج قفس کے ہی اسیر
ہم گرفتاروں نے کس روز پرافشانی کی

گھر میں رہنا تمہیں ہوجاویگا مشکل پیارے
کر گئی آہ اثر گر کسی زندانی کی

مصحفی وہ نہیں جہاں ریختہ گوئی کو رواج
قدر شیراز میں ہو واں نہ صفاہانی کی

خوشحال اون کا دیکھ جو گلستاں میں مر گئے
حسرت نصیب ہم ہیں کہ زنداں میں مر گئے

پہنچا نہ کام چشم کی گردش تلک دریغ
ہم اوسکے ایک ہی جنبش مژگاں میں مر گئے

نسبت درست کیجیے اپنی کس سے مصحفی
جو منتخب تھے گبر و مسلماں میں مر گئے

انداز و ناز میں تجھے استاد کر گئے
اہل زمانہ ہم پہ یہ بیداد کر گئے

پہنچی نہ گوش گل میں صدا اس چمن کے بیچ
کیا کیا نہ مرغ نالہ و فریاد کر گئے

کیا ڈر ہے باغباں جو کبھی آکے باغ میں
ہم بھی نظارۂ گل و شمشاد کر گئے

گر آگئے گلی میں تیرے ہم کبھی تو یار
رو کر تسلی دل ناشاد کر گئے

مرغان تیز بال سے شکوہ ہی یہ کہ ہائے
ہمکو اسیر چنگل صیاد کر گئے

مرداں وہیں انہوں کو لکھا اہل ہوش نے
دنیا میں آکے وہی جو تیری یاد کر گئے

ایک تو ہی مصحفی نگیا قافلے کے ساتھ
اسباب اپنا یار تو سب لاد کر گئے

کرتے نہیں جو داد تو بیداد کیجیے
یعنی کسیطرح تو ہمیں یاد کیجیے

صفحہ پہ دل کے کھینچیے تصویر روئے یار
تضحیک کار مانی و بہزاد کیجیے

تقریب کونسی ہے ہمارے نشاط کی
اس دلکو کسطرح سے بھلا شاد کیجیے

اپنے نصیب میں یہ لکھا تھا کہ فصل گل
کنج قفس میں زمزمہ بنیاد کیجیے

اوڑنے کے بال و پر ہیں کہاں مصحفی مگر
اب پھر سراغ خانۂ صیاد کیجیے

عاشق کو اپنے منع محبت سے دیکھیے
یہ بھی سے دیکھیے تو مروت سے دیکھیے

ڈرتے کہ دسترس ہی نہو اس عذار پر
پھر کسطرح نگاہ بحسرت سے دیکھیے

میری طرف بھی دیکھیے ٹک میرے رو برو
نظروں نہیں ہر کسی سے اشارت سے دیکھیے

اس درجے سے اپنا پانو نہ رکھیے زمین پر
میری تو کیا ہے شہر کو غارت سے دیکھیے

اے مصحفی نجانیے اوسکی گلی کے بیچ
سنیے کیسی بات جہالت سے دیکھیے

تم رات وعدہ کرکے جو ہم سے چلے گئے
پھر تب سے خواب میں بھی نہ آئے بھلا گئے

اب کس ہوس سے باغ میں دیکھو میں جائیے
وہ شوق ہی نہیں رہا وے ولولے گئے

آتش میں تیرے عشق کی مانند چوب خشک
جب تک کسی نے ہمکو جلایا جلے گئے

وعدہ تہا پشت بام پہ اوس مہ کا نیمروز
ہم نا تمام بھول گئے دن ڈہلے گئے

رکہتا تہا مصحفی تو بہت شوق کوئے یار
ہم ساتھ اپنے آپ ہی اوسکو نہ لے گئے

ہر ایک نے نگاہوں سے مجھے ڈالدیا ہے
کیا میرے تئیں عشق نے اقبال دیا ہی

ترکیب تو دیکھ اُسکے خوش اسلوبیٔ کی
جیسے کہ وہ سانچے سے ابھی ڈھال دیا ہی

میں ہوں وہ گنہگار کہ عبرت لئے ابھی سے
ہاتھوں میں میرے نامۂ اعمال دیا ہی

ہنستے ہو تو ابھی اسی طرح مجھپہ ہنسو نا
یوں منھ میں میاں کاہیکو رومال دیا ہی

اے مصحفی اوس شوخ کی باتوں پہ نجانا
لاکھوں کو لگا اوسنے یونہیں ٹال دیا ہے

سمجھو بیارے کہ تیری زلف کا تار نازک ہے
تو کا فر بل ندے اسکو کہ نپٹ نازک ہے

گل و نسرین و سنبل ہیں سبھی نازک تر از نازک
نہ تنہا اس چمن کی نرگس بیمار نازک ہے

تیری چہرہ کے ہنگام تماشا دل دہڑکتا ہے
نگاہیں سخت ہیں بیباک اور رخسار نازک ہے

نزاکت عاشق اور معشوق کی یکساں نہیں ہوتی
میری گفتار نازک ہے تیری رفتار نازک ہے

نہیں تشبیہ دے سکتے ہم اوسکو رشتۂ جاں سے
زبس اے مصحفی موئے میان یار نازک ہے

فراغت میں بتانکی صورت دلخواہ یاد آئے
پڑے جب کچھ مصیبت تب ہمیں اللہ یاد آوے

نہ ہنسنا بولنا نے اسطرف کا ہی نظر کرنا
بھلا کس بات پر ہمکو تمہاری چاہ یاد آوے

ہم اوٹھکر خواب سے تیری گلی کا قصد کرتے ہیں
گدا کو صبح دم جوں بارگاہ شاہ یاد آوے

اوسی کے نور سے تہا کلبۂ احزاں میرا روشن
شب غم کیوں نہ مجکو ہر گھڑی وہ ماہ یاد آوے

نت اوسکی بزم میں اے مصحفی ہو ذکر غیروں کا
یہ کیا معنی جو گاہے بندۂ درگاہ یاد آوے

جسدم کہ آنکھ میری اوس شوخ سے لڑی ہے
تکا فرنگاہ اوسکی بجلی سی آپڑی ہے

لخت جگر سے از بس پایا ہے رنگ اوسنے
لوہو مزار اتبک سر پہ میرے کھڑی ہے

اے مصحفی وہ اتنا خوشتر و نہیں ہوا پہ
کیا جانیں آنکھ تیری کس وضع سے پڑی ہے

محبت میں صادق یہ اغیار ٹھہرے
ہم ایک بات کہکر گنہگار ٹھہرے

گلی سے تیرے کوئی بچکر نہ آیا
سپاہی گئے وے جو دو چار ٹھہرے

ہوئے کامیاب اوس سے بیدرد یار
ہم ان حسرتوں کے سزاوار ٹھہرے

ٹھہر جائے یہ جان برلب رسیدہ
جو وعدہ پہ اپنے وہ عیار ٹھہرے

سدا ہمسے بیہوشیاں ہیں ہو کیں یاں
ہم اے مصحفی کیونکہ ہشیار ٹھہرے

برق رخسار یار پھر چمکی
اس چمن کی بہار پھر چمکی

میری گریہ سے آب و تاب آیا
صورت روزگار پھر چمکی

خون عاشق سے وہ زرہ دامن
دم شمشیر دار پھر چمکی

دیکھیو پاؤں رکھدیا کسنے
آج کیوں نوک خار پھر چمکی

مصحفی کی جو تونے دُرریزی
شاعری تیری یار پھر چمکی

اگر بتوں کی تمنا سے دل میرا پھر جائے
تو دو نہیں شعر و سخن کا میرے مزا پھر جائے

جو دیکھتا ہے میرا حال زار کہتا ہے
خدا کرے کہ کہیں اوس سے دل تیرا پھر جائے

عجب نہیں جو تیرے [illegible] او ظالم
زباں پر آکے میرے حرف مدعا پھر جائے

اگر میں رونے پہ آؤں برنگ ابر بہار
ابھی زمانے کی [illegible] ہوا پھر جائے

پکارتا ہے تجھے مصحفی جواب تو دے
کھڑا ہے یہ تیری آستاں پہ پا پھر جائے

عجیب پاکیزہ صورت اس بت کافر ادا کی ہے — غرض میں اور ترے کیا کہوں قہر شے خدا کی ہے
درخت اس باغ کے سب جو ہیں جیسے متوالے — نشا ہی لالہ و گل تک یہ کیفیت ہوا کی ہے
میرا اور اوسکا خلطا آج کل کا کچھ نہیں یارو — یہ الفت دوستی جو کچھ کہ ہے سب ابتدا کی ہے

نہ نام عشق لے اے مصحفی میں تجھے کہتا ہوں
کہ ان باتوں میں اے کمبخت تیری ہی ہلاکی ہے

کب اس طرح وہ بت کج کلاہ آتا ہے — گدا کے گھر بھی کہیں بادشاہ آتا ہے
سنا ہے میں نے کہ پھر آج کل گلی میں تری — بزیر تیغ کوئی بے گناہ آتا ہے
وہ آوے اوسکا تو مذکور کیا ہے یاں مجھ تک — خیال اوسکا مگر گاہ گاہ آتا ہے

مری تو آنکھیں بھر آتی ہیں مصحفی کو دیکھ
جب اس گلی سے بحال تباہ آتا ہے

گر ابر گھرا ہوا کھڑا ہے — آنسو بھی تلا ہوا کھڑا ہے
حیران ہے کس کا جو سمندر — مدت سے رکا ہوا کھڑا ہے
ہے موسم گل چمن میں ہر نخل — پھولوں سے لدا ہوا کھڑا ہے
شمشاد برابر اوسکے قد کے — وحشت سے بچا ہوا کھڑا ہے
خلوت ہو کبھو تو یوں کہے وہ — کوئی در سے لگا ہوا کھڑا ہے
تیرا ہی ہے انتظار اوس کو — تا قصر تو کسا ہوا کھڑا ہے

اے جان نکل کہ مصحفی کا
اسباب لدا ہوا کھڑا ہے

زلف مشکیں ہو جہاں سنبل کی بو کیا چیز ہے — گل کو کہتا ہے ترا عارض کہ تو کیا چیز ہے
ہم وہ وارفتہ ہیں یارو جو سمجھتے ہی نہیں — شوق کہتے ہیں کسے اور جستجو کیا چیز ہے
تیغ کو لا جی کی حسرت ہے مرے جیسے نکال — پوچھ پھر جو اس گھڑی پھر آرزو کیا چیز ہے

آنکھ کی کھلتے ہی دیکھا اوسکو روی تیغ تیز
زخم دل کیا جانتا ہی یہ رفو کیا چیز ہے

اوسکی جھنجلانے میں بھی نکلیں ہزاروں لطف ہے
مصحفی میں کیا کہوں وہ تند خو کیا چیز ہے

اوسکی رفتار کا مذکور جب آجاتا ہے
جی کی ہوتی ہی یہ حالت کہ رندھا جاتا ہی

ہی جو کاغذ پہ لکھا مطلب بیتابی شوق
خود بخود نامہ ہوا پر ہی اوڑا جاتا ہی

ہی تمہیں رونے سے کسکو یہ دکھانا منظور
کاجل آنکھوں میں دو وقت جو دیا جاتا ہے

اب اگر دل کے تئیں لاکھ طرح سمجھاتے ہیں
اوسکے بن دیکھے کوئی جیتے رہا جاتا ہے

مصحفی سنیو کہ اس بحر میں ایک مطلع اور
بہتر از مطلع خورشید کہا جاتا ہے

کون اس باغ سے ملے باد صبا جاتا ہے
رنگ رخسار سے پھولوں کے اوڑا جاتا ہے

دلکے دھڑکوں کا یہ عالم ہی کہ پیوستہ دست
پردے ہو ہو کے گریبان اوڑا جاتا ہے

گئے وے دن کہ تمنا ہیں ایک اشک کی تھی
اب تو آنکھوں سے دریا سا بہا جاتا ہے

بے ادب تئیں مطلق نہیں صحبت کا شعور
شانہ کیا تیری زلفوں سے لگا جاتا ہے

مصحفی عشق کی وادی میں گذر ہے کسکا
بھولا بھٹکا کوئی ایدہر کو بھی آجاتا ہے

لاف گرمی تیری عارض سے جو گلشن مارے
آتش گل پہ صبا طیش سے دامن مارے

کیا ستم ہی کہ تو غرفے میں پری بال سے کھلے
اور لٹکا یہ ترا دیدۂ روزن مارے

دشمن و دوست کو الفت نے تیری ایک کیا
ہاتھ پر ہاتھ نکیوں شیخ و برہمن مارے

تیری آنکھیں ہیں وہ رہزن کہ بھووں کے کافر
قافلے لوٹ لئے سیکڑوں رہزن مارے

سرو کو اپنے میں کیا ملاکہ وہ سرو قدان
اسکی یہ کچھ ہی کہ ٹھوکر دم رفتن مارے

کشتنی اور بھی زندگی بہت ہیں لیکن
میں یہ چاہوں ہوں وہ پہلے مجھے گردن مارے

مصحفی چاہے تو اس سے بھی غزل گرم کہے
اس زمیں جو کوئی میر کی طرح گہن مارے

غنچہ سر آنکھ نہ یوں وہ بت پرفن مارے | اور جو مارے تو مجھے تیغ سے گردن مارے
کیا غضب ہے کہ جو گذرے ترے کوچے سے | جھانک اپنی ہی طرف دیدۂ روزن مارے
اوسکی تربت پہ بنا تازہ چمن لے صبا و | جسکو یاں حسرت نظارۂ گلشن مارے
سختی عشق سے ہاتھ اپنا جو پتھر کے تلے | اسکو سینہ پہ کوئی کیا دم شیون مارے
اے خوشا حال انہوں کا جو تری کوچے میں | خاک پتھر سے ملی بیٹھے ہوں آسن مارے
ہمتو ای غیرت لیلی تیری خاطر اب تک | قیس کی طرح پڑے پھرتے ہیں بن بن مارے

مصحفی کام مرا ضبط سے اب درگذرا
کب تلک غم میں کسی کے کوئی تن من مارے

میں وہ نہیں ہوں کہ اس بت سے دل اپنا پھر جائے | پھروں جو اس سے تو مجھ سے مرا خدا پھر جائے
زرا جو اب تو ہی اٹھ کے اپنے سائل کو | یہ بے نصیب تیری آستاں سے کیا پھر جائے
روا ہی یہ کہ نہ آوے تو در تلک اپنے | دل ستمزدہ دیکر تجھے دعا پھر جائے
عجب یہ کیا ہے جو دیکھے وہ گھور کر مجکو | لبوں پہ آ کے میرے نالۂ رسا پھر جائے
کرے اشارہ جو مژگاں سے سو ما کو وہ شوخ | تو دیکھے گرد مرے بنکر بلا پھر جائے
ہوا ہے اپنی پھر سیاہ پیا گلا ہی سے | نکر رنگ صبا داکہ یہ ہوا پھر جائے
نہ پلٹے تیغ تیری نہ رہے تیری عاشق کے | یہ بات اور ہے جو آ کئی ہوئی قضا پھر جائے

سناؤں اب کی غزل مصحفی ایک ایسی ہی
کہ جس سے سب کی زبانوں پہ مرحبا پھر جائے

دکھا کے دور سے وہ مژہ کی گر ادا پھر جائے | تو پارسائی سے پھر اپنی پارسا پھر جائے
وہ اضطراب ہے اوسکو کہیں جو آوے بھی | تو دیکھے خط مجھے قاصد بہ ہزار پا پھر جائے

پہالے پیتے ہو بہر بہر کے سبکو تم کیا ہو
میری طرف بھی اگر ہاتھ آپ کا پہر جائے
وہ آفتاب جو آوے نکل تو اوسکی طرف
خود آفتاب گل آفتاب سا پہر جائے
دیا ہے مجکو یہ برگشتہ طالعی نے اثر
کہ آسکے سر پہ میرے سایۂ ہما پہر جائے
ترے شہید کا کوئی نہیں اوسکا خون
تیری گلی میں مگر پہر خونبہا پہر جائے
بکہیر دے جو وہ زلفوں کو اپنے کاندہے پر
تو مارے شرم کے آئی ہوئی گھٹا پہر جائے

بدلکے قافیہ لکہہ ایک غزل اب ایسی اور
کہ جسکے پڑہتے ہی اے مصحفی ہوا پہر جائے

غم اسکا کچھ نہیں گو مجھ سے اک جہان پہر جائے
یہ ہو کہ میرا یار مہربان پہر جائے
نقاب منہ سے نکہول اپنے میری آنکہوں میں
خدا ہی جانے کہ اوس وقت کیا سماں پہر جائے
روا ہے یہ کہ ترے آستاں پہ جو آوے
لگا کے منہ سے تیری خاک آستاں پہر جائے
بعید کیا ہے جو قبلہ سے تیرے منہ کیطرف
برنگ قبلہ نما روئے زاہداں پہر جائے

زمیں شگفتہ ہے اب دوسری غزل کیطرف
کمیت خامہ کی اے مصحفی عناں پہر جائے

جہاں سے جائے وہ جو تم سے امتحاں پہر جائے
ستارے پہیر لیں منہ اوس سے آسماں پہر جائے
لا در کو شوق سے رکہہ بند پر نہ آشنا ہی
کہ آدمی جو کوئی وہ ہو کے بدگماں پہر جائے
گلی میں اوسکی بہت سب کہیں ہیں آنا دیکہہ
نہ اپنی جان پہ کہیلے یہ نوجواں پہر جائے
ہزار بار ہیں جو رنگ اس سے کاٹتے ہیں
یہ تیغ وہ نہیں جو وقت امتحاں پہر جائے

پہریں نہ مصحفی ہم اوس سے شرط عشق ہے یہ
ہزار اپنی طرف سے وہ دلستاں پہر جائے

حجاب جاتے جاتے اوسنے پردہ اٹھا دیا ہے
عالم کو رہگذر میں عالم دکہا دیا ہے
مذکور میں دہن کے لایا ہوں زلف کا ذکر
تھوڑی سی بات کو میں کتنا بڑہا دیا ہے

آیا ہے جب چمن میں نازک نہال میرا
ہر شاخ گل نے اپنے سر کو جھکا دیا ہے
بے خط و بے کتابت یاران رفتہ تو لا
یکبار اپنے جی سے ہمکو بھلا دیا ہے
گر مصحفی میں اوس سے مانگا ہی کوئی ساغر
ساقی نے میری ضد سے شیشہ لنڈھا دیا ہے

نہ دوستی نہ محبت نہ دلبری دیکھی
جو کچھ کی دیکھی میں اوس کی ستمگری دیکھی
اسی سبب تو پریشان رہا میں دنیا میں
کہ سالہا تیری زلفوں کی ابتری دیکھی
کیا ہی دعوی ہم چشمی اوس سی نرگس نے
کسنے شوخ کی تجھسے برابری دیکھی
اٹھا میں سوتے سے یوں صبحدم سراسیمہ
کسو نے جیسے کہ شب خواب میں پری دیکھی
ہوا جو مصحفی گھر بار تج کے گوشہ نشیں
اسی میں اوسنے مگر اپنی بہتری دیکھی

خط کھینچے تو نے مجھ پہ تحریر کیا نکالی
زخموں سے خون میں رنگا تصویر کیا نکالی
عاشق تو کیوں ہوا تھا تقصیر کیا نکالی
خنجر سے سر کو کاٹا تقدیر کیا نکالی
وہ قتل کو جو میرے آیا تو خلق بولی
اس ناتواں پہ تمنے شمشیر کیا نکالی
اٹھا میرے جگر کو یہ تو لگا جلانے
نالے نے اندنوں میں تاثیر کیا نکالی
گلیوں میں مصحفی کو دیوانہ کر پھرایا
اس عشق فتنہ گر نے تشہیر کیا نکالی

گر چشم تر سے ہمنے ٹک آستیں اٹھا لی
تو دل سے نالے کرکے سر پر زمیں اٹھا لی
محفل کے بیچ ناگہ آیا جو ذکر میرا
اس جنگجو نے وہیں شمشیر کیں اٹھا لی
پہونچے میں موج اوسکو کہتے ہیں آگئی ہے
کم بخت نے صراحی مے کی کہیں اٹھا لی
کل چند بار رویا اتنا یہ دل کہ اوسنے
محفل تمام سر پر اے ہمنشیں اٹھا لی
اے مصحفی نہ ہمنے رونے سی پائی فرصت
آنکھوں پہ ہاتھ رکھے گر آستیں اٹھا لی

بجلی کی کوند دیکھ اوسی منہ چھپا گئی — دل کی تڑپ پہ تو مجھکو تماشا دکھا گئی
تصویر تیری دیکھی جو شیریں نے ایکدن — تھی لب کہ باشعور وہ نقشا اوڑا گئی

تو دیکھتے ہی اوسکو جو دیوانہ ہوگیا
سچ کہیو مصحفی تیرے کیا جی میں آگئی

ملو ہو غیر و تم سے اور ہم سے بیوفائی ہے — یہ کون شیوہ ہے کیا رسم آشنائی ہے
ہزاروں مومن و کافر سجود میں ہیں یہاں — بتوں کے گھر میں جو دیکھا تو ایک خدائی ہے

بغور دیکھے کوئی مصحفی تو سمجھے کہ سچ
غرور حسن میں اک شان کبریائی ہے

راہ میں کشتہ پڑے ہیں کئی ارمان بھرے — بچکے چلیو نہ تیرا خون سے داماں بھرے
دیدۂ تر کا بتاؤں میں سبب کیا تمکو — بیٹھے بیٹھے یونہیں کچھ آتے ہیں ہرآن بھرے
دیکھکر کیوں وہ مجھے آنکھ چرا جاتا ہے — مدعی نے نہیں اوس گل کی اگر کان بھرے
وہ پر آشوب ہے ہر اشک میری آنکھوں کا — جسکے ہر قطرے میں ہیں سیکڑوں طوفان بھرے

مصحفی جسکو سخن کہئے سو وہ بات کہاں
رطب و یابس سے ہیں یوں یاروں کے دیوان بھرے

شب وہ ان آنکھوں کا شغل اشکباری دیکھئے — لیجئے خواب انکا اور اختر شماری دیکھئے
چلتے چلتے اس ادا سے وعدہ آنیکا کیا — دیکھئے ہاتھ اس دلبر ادا کا زخم کاری دیکھئے
خواب و خور صبر و سکوں یکبار سب جاتا رہا — بیقرار اپنی کو کیسی بیقراری دیکھئے
بیخبر تو نے سنی ہوگی کہ اوس کوچہ میں ہے — دادرونے کی ہم اک ابر بہاری دیکھئے
گر کہیں آیا نظر اونکو کوئی مٹی کا ڈھیر — گالیاں اوسکو سمجھ تربت ہماری دیکھئے
آپ تو جانتے سب باتیں بنا اور مجکو آہ — بیقراری بیخودی بے اختیاری دیکھئے
گر ہوا عزم سفر اون کا تو پھر اے مصحفی — وقت شام آکر مجھے اپنی کناری دیکھئے

ڈرتا ہے مجھے اس دل کم بخت کی خو سے — ڈرتا ہوں کہ ہو جائے محبت نہ کسو سے
کیا باغ میں آیا تھا صبا وہ اگر پوش — جو آپ تئیں مہکے ہے چمن عطر کی بو سے
سر کعبہ نشیں ماریں ہیں دیوار سے اب تک — ایک روز کہیں پردہ اٹھا تھا تیرے رو سے
ساقی کا مرے حال یہ گر ہے یہ تغافل — سر اپنا میں دے ماروں گا ایک روز سبو سے

اے مصحفی کرتا ہے تو کیوں رحم کا شکوا
مجھکو بھی تو ایک لاگ ہے اوس عربدہ جو سے

غم دل کا بیان چھوڑ گئے — ہم یہ اپنا نشان چھوڑ گئے
راہ میں مجھکو ہمرہاں سے کہہ — جان کر ناتوان چھوڑ گئے
چلتے چلتے بھی یہ جفا کیشاں — ہاتھ مجھپر ندان چھوڑ گئے
صفحہ روزگار پہ لکھ کر — عشق کی داستان چھوڑ گئے

لے گئے سب بدن زمیں میں ہم
مصحفی ایک زبان چھوڑ گئے

کیا کہیں آہ نہ پوچھو جو مصیبت گذری — یا رب ہم پہ شب ہجر قیامت گذری
تھا میرے نالہ میں مضمون تمنا ہڑکا — جبگھڑی اوسکی نظر سے یہ شب تار گذری
تم تو آئے نہ کبھو عالم تنہائی میں — عمر گذری تو میری ایک ہی حسرت گذری
کبھی روئے کبھی بیٹھے شب تنہائی میں — ہمکو ساتھ اپنے عجب طرح کی صحبت گذری

مصحفی آگے میں کیا جانوں کہ کیا ہوویگا
ابتلک تو میری دنیا میں بعسرت گذری

حیف تو آشیاں بلبل کا ای صیاد لوٹے ہے — کوئی یوں بھی کسیکا خانہ آباد لوٹے ہے
صبا کی ہاتھ سے یوں گل لٹا ہوگا نہ گلشن میں — فلک جسطرح سے گھر کے ہمیں برباد لوٹے ہے
پھنسا ہو جسکا دل گلشن میں کیا ذوق قفس سمجھے — گرفتاری کی لذت طائر آزاد لوٹے ہے

کل پوشوں نے یوں غارت کیا اس لکھنؤ کو — کہ جیسے فوج شاہ آکر جہاں آباد لوٹے ہے

خبر خسرو کو کیا ہی مصحفی وہ وصلیں خوش ہے
کہ کیا کیا ہجر شیریں میں مزے فرہاد لوٹے ہے

ازبسکہ میری دیدۂ حیراں میں کچھ ہے — ایک آن میں دل کچھ ہے تو اک آن میں کچھ ہے
خالی ہی چلے آتے ہیں ہم سیر چمن سے — داماں میں کچھ ہو نہ گریبان میں کچھ ہے
جادو تو میں کہتا نہیں پر سمجھوں ہوں اتنا — واللہ تیری نرگس فتان میں کچھ ہے
کیوں اتنا ستم کرتی ہی ای شدت گریہ — حالت ہی میری دیدۂ گریان میں کچھ ہے

اے مصحفی مرنیکی خبر سنکے وہ بولا
کیا لگتا ہے مرجانیکو انسان میں کچھ ہے

جانیکا نہ لے نام کہ مرجائیگا کوئی — بیدرد ابھی جی سے گذر جائیگا کوئی
دھمکاوے ہے کیا تیغ و سپر باندھ کے مجھکو — ایسا تیری ان باتوں سے ڈر جائیگا کوئی
مدفون مجھے کیجیو سر راہ چمن میں — تربت پہ میری پھول تو دھر جائیگا کوئی
اٹھتے تو ہیں یہ مجلسیاں پر میں ہوں حیران — مجلس سے تیری اٹھکے کدھر جائیگا کوئی
لکھ بھیجیں گے ہم یارونکو احوال دل اپنا — دلی کی طرف قاصد اگر جائیگا کوئی
مضمون یہ نامہ میں لکھیں گے کہ عزیزاں — تب اوسکی خبر لوگے کہ مرجائیگا کوئی

اے مصحفی اوس وقت تو کیا کام کرے گا
دل لیکے اگر تیرا مکر جائیگا کوئی

دیکھنا کیسا کہ واں در تک بھی جانا منع ہے — روزن دیوار سے آنکھیں لڑانا منع ہے
گرچہ ہم رکھتے ہیں تجھکو جان سے اپنے عزیز — پر ہمیں سر کی تیری سوگند کھانا منع ہے
یہ ستم تو موسم گل میں نہ کر اے باغباں — آشیاں بلبل کا ان روزوں جلانا منع ہے
بیٹھکر بالین پہ میرے تو نہ رو ای رشک شمع — سامنے بیمار کے آنسو بہانا منع ہے

دن جنوں کے ہیں نہ ہے تکلیف کرنا صبح ہمیں
ابہوں چاک گریباں کا سلانا منع ہے

طاق ابرو پر نظر کہو اول لگائے ہیں شیخ جی
یعنی قبلہ کی طرف رکہنا انکا منع ہے

آکے بالیں پر میرے غوغا نہ کر اے شور حشر
مجھکو سونے دیکہ سوتے کا جگانا منع ہے

مر گئے جب ہم تو اوسنے اہل میت سے کہا
اب ہمیں چالیس دن مہندی لگانا منع ہے

خیریت کیا اوس سے پوچہوں میں کہ ہے یہ رسم غیر
ہم رسائی سو اسکا ہاتہ اوٹہانا منع ہے

قصد کر کے جسکے ملنے کے تئیں جاتے ہیں ہم
وا ہے رسوائی اونہیں وہانتک بہی آنا منع ہے

سادگی پر جسکے جی لوٹے ہے اپنا مصحفی
ہائے اونکو اتبک مسی لگانا منع ہے

ایک تیغ کے لگتے ہی لگی جان ٹھکانے
اچھا تو ہی لگ جائے گر انسان ٹھکانے

میں نام سفر منہ سے تیرے جب سنا ہی
اوسوقت سے اپنے نہیں اوسان ٹھکانے

نومید ہم راہ لگنے تو قاصد نے کہا یوں
یہہ خط نہیں لگتا کسی عنوان ٹھکانے

اے دست جنوں تیری مدد ہووے تو اب بہی
اک جھٹکے میں لگتا ہے گریبان ٹھکانے

تہی تہوڑی سی کچہہ رات یہ پروانہ کہے تہا
جس وقت لگی شمع شبستان ٹھکانے

گہہ دوش پہ پڑتی ہے تو گہہ دوش کمر پہ
ڈہونڈہے ہے تیری زلف پریشان ٹھکانے

نکلی جو تیری تیغ ستم میان سے کافر
لاکہوں ہی لگے گبر و مسلمان ٹھکانے

اوچہلے ہے تو کس سے جو تو جا کے پہار
سینہ ہی لگانے ہے نہ داماں ٹھکانے

اوپڑا بنا محمل لیلی کے جرس کا
صدمے سے لگا اب دل نالاں ٹھکانے

ایک اور ٹھکانے کی غزل جیسی ہی لکھئے
اے مصحفی اسوقت ہیں اوسان ٹھکانے

یا آئے میرا دل کسی عنوان ٹھکانے
یا اس غم فرقت میں لگے جان ٹھکانے

پہر پیچ طرہ دار میاں غصے میں آکر
عاشق کو لگا ہی دی آن کو ٹھکانے

آتی نہیں بانگ جرس محمل لیلے
پہنچا ہے مگر قافلہ اس آن ٹھکانے

کچھ دشت بلا سے نہیں کم عشق کا کوچہ
اس کوچہ میں لگے سیکڑوں انسان ٹھکانے

قطعہ

پھاڑا اوسکی ورق اوسنے پتنگ اپنا بنایا
اچھی لگی سعدی کی گلستاں ٹھکانے

اوس طفل کے ہاتھو لگی نہیں دور جو پہنچا
میرا بھی لگا دیوے وہ دیوان ٹھکانے

اے مصحفی اوس زلف میں لاکھوں کو ملی جا
لیکن نہ لگا ایک یہ پریشان ٹھکانے

جسدم وہ میری خاک کو ٹھوکر لگا چلے
چوکے ہی کہ دہاں سے نہ دامن اٹھا چلے

لیلی بھی سیر باغ کو ہوتی نہیں سوار
ناقہ کے آگے آگے نہ جب تک صبا چلے

بلبل کے مشت پر بھی اوڑا دو تو سیر ہے
غنچوں کو چٹکیوں میں تو آخر اوڑا چلے

نالے تو ہمنے وادیٔ غربت میں سے کئے
پر خفتگان خاک کو ناحق جگا چلے

اوٹھنے لگے جو وے میری بالین سے وقت نزع
نکلا بھی زبان سے آہستہ کیا چلے

کیا تھا خزاں میں باغکے آنے سے ہمکو کام
آئے تھے آشیانے کو اپنے جلا چلے

قطعہ

یارب یہ مصحفی کی دعا ہے کہ آج کل
مشرق سے ایکبار کچھ ایسی ہوا چلے

جو خود بخود سپہر پہ چڑھ مثل آفتاب
مغرب زمین کو تخت سلیمان چلا چلے

چشم اوسکی میر اکیونکہ دل زار سنبھالے
بیمار کو کس طرح سے بیمار سنبھالے

میں دوڑ کے لگ جاؤں ہوں ظالم کے گلے سے
جب تک نزاکت سے وہ تلوار سنبھالے

بیتابی کی حالت ہے عجب اسیر تو صیاد
کیونکر قفس مرغ گرفتار سنبھالے

سنبھلیں نہ جتاب دیکھکے پھر اوسکی جبیں کو
گر آپ کو ٹک بھی وہ طرحدار سنبھالے

شب چھیڑ جو تہا مصحفی خستہ نشے میں
بتخانے سے لائے اوسے دو چار سنبھالے

چند یوں تھی دل سے ہمپر مہربانی آپ کی
ہم لئے پھرتے تھے ہر جاگہہ کہانی آپ کی

کیا چرا کر لیگئی گل سے مینے دیکھی باغمیں
پاس لالہ کی کلی کے سرمہ دانی آپ کی

تم کرو اخفا ہی شب باشی تو ہمسے صبحدم
سرخی آنکھوں کی کہے اور سرگرانی آپ کی

سر کو دیوار وسے پٹکوں ہوں نہیں جب آتی ہے یاد
رکھہ کے سر پر ہاتھہ وہ سوگند کھانی آپکی

کام کیا کرتے ہو تم میاں مصحفی اس کا جسر میں
اور بھی دیکھیں تو ہم جادو بیانی آپ کی

چھوڑ دی ہے کب سے میں سوگند کھانی آپ کی
ہی عبث بندہ پہ مشفق سرگرانی آپ کی

بعد مدت کے ادہر آ نکلے ہو تم شیخ جی
جیمیں ہے کچھہ آج کیجے میہمانی آپ کی

لطف تب تک تھا کہ جب کچھہ بات آئی درمیان
آپنے مانی ہماری ہمنے مانی آپ کی

یاد ہیں وہ دن کہ جب ہم تم میں خلطا تھا ہم
ہمکو آسان تھی پہیلی بوجھہ جانی آپ کی

کچھہ کرو میاں مصحفی جلد سے تم اپنا علاج
کیونکے جاوی ہمسے یہ ناتوانی آپ کی

تیری رفتار سے ایک بیخبری نکلے ہے
مست و مدہوش جیسے کہ پری نکلے ہے

ایک فریبندہ ہی تیری روش طرز خرام
اوسکے جہد سے کوئی کبک دری نکلے ہے

کوٹ کوٹ اوسمیں اثر مینے بہرا ہی تو بہی
میرے نالے سے وہی بے اثری نکلے ہے

گل کو نسبت ہے اسیواسطے با اہل جنوں
وضع میں اوسکی جو ایک جامہ دری نکلے ہے

اپنے رونے کو کوئی سمجھے تو آئینہ مثال
دیدۂ خشک میں آنسو کی تری نکلے ہے

کہول دیتا ہے تو جب جا کے چمن میں زلفیں
پا بزنجیر نسیم سحری نکلے ہے

مصحفی کسکو کہلے بال تو دیکھہ آیا ہے
کہ تیری وضع سے شوریدہ سری نکلے ہے

سچ ہے جی عشق کا بیمار برا ہوتا ہے
دل کا آزار بھی آزار بڑا ہوتا ہے

جی ہی لیجائے ہے فریاد و فغاں کر کرکے / دام الفت کا گرفتار برا ہوتا ہے

جسنے دیکھا تجھے قبضہ پہ ہری ہاتھ کیا / ہاے اس وضع کا خونخوار برا ہوتا ہے

اسکا پینا نہیں مقدور ہر ایک کا ساقی / عشق کا ساغر سرشار برا ہوتا ہے

آپ کو یار ہی مرتا ہے میں دیکھا ہے بہت / مصحفی عاشق ناچار برا ہوتا ہے

کبھو تک کے در کو کھڑے رہے کبھو آہ بھر کے چلے گئے / ترے کوچہ میں جو ہم آئے تو ٹھہر ٹھہر کے چلے گئے

کہیں عشق میں تنہا پڑا ہوا اسو اور قہر کی بات ہے / مجھے دیکھنے کو جو آئے وہ تو بگڑ سنور کے چلے گئے

کروں ہم ہی دولت کا کیا بیاں یہ عجیب ہے دور زماں / ادھر آ کے سینہ پہ آرہا وہ اودھر کو کر کے چلے گئے

یہ عجب زمانہ کی رسم ہے کہ جو منتظر تھے ہم سدا / نہیں گر کبھو وہی ناکسی یہیں آ کے پھر کے چلے گئے

چلے ہیں جو اٹھکے یہ تو بھی مصحفی پہ خدا و ہر وہ بیخبر / میں پڑا ہوں جب تلک آستیں اٹھے اور ادھر کو چلے گئے

نہیں سو سو بار اب ہم اونکے گھر جانے لگے / منہ چھپانے وہ لگے ہم اونپہ مر جانے لگے

جنکے جی دیکھے نہ رہتا تھا میں اک ساعت کبھی / ہجر میں اونکے مہینے ہی گذر جانے لگے

ہائے جن آنکھوں سے قطرہ اشک کا گرتا نہ تھا / کیا غضب ٹوٹا کہ یوں لخت جگر جانے لگے

سوزش دل نے مگر پہرا ہونٹوں تاثیر کی / تم سے آنسو گرم کیوں ای چشم تر جانے لگے

مصحفی اک کہتے تھے یاد رات وہ میری خبر / یا خبر لینے کو اونکے نامہ بر جانے لگے

جس جگہ چشم تری حوصلہ پرداز ہوئی / خوبی دیدۂ نرگس قلم انداز ہوئی

ساعت عیسویاں ہی کہ میرا دل جسمیں / خود بخود چھوٹ گئی خود بخود آواز ہوئی

کان سے تیر کے تیری زلف نے سرگوشی کی / وہ ہی ہمدرد ہوئی اور وہی ہمراز ہوئی

ہیں جو پھڑکوں ہوں قفس میں تو کہو ہی صیاد / اس گرفتار کو بھی طاقت پرواز ہوئی

زلف رخسار پہ کہولی تہی سر شام اوسنے
کہ سیاہی شب ہجراں کی تہہ آغاز ہوئی

لڑکہڑاتے تہے قدم رات تیری مجلس میں
صحبت می کی تیری چال ہی غماز ہوئی

میں کہاں اور کہاں مصحفی قسمت کی یہ بات
تیری اور اوسکی ملاقات خدا ساز ہوئی

ہے غریبی میں خبر کسکو وطن والوں کی
کیا گرفتار سے پوچہو ہو چمن والوں کی

نکتہ چیں اہنو سخن پر بہی سخن رکہتے ہیں
قدر تہی اگلے زمانہ میں سخن والوں کی

نیزہ بازی کا جو فن یاد ہے مژگانکو تیری
اوسمیں سب نکلے ہو ترکیبیں کہن والونکی

کیوں نہ پروانہ جلے رشک سے اے شمع کہ ہائے
لاگ رہتی ہے لگی تجہسے لگن والوں کی

حسن پر اپنی یہ دعوا مہ تاباں کو جو ہے
کیا صفا دیکہی نہیں گورے بدن والوں کی

بال سینہ بہی ترے قہر ہیں پیارے لیکن
مار ڈالے ہے یہ چین تجاو شکن والوں کی

مصحفی زخم پہ زخم اٹہے اٹہائے جس کے
کہپ گئی دلمیں ادا بانکی پہبن والوں کی

یاران عدم رفتہ گئی دور بہت سے
ہمسایہ کے پیچہے رہے رنجور بہت سے

ایسا نہو پہر ہم بہی کریں اور سے یاری
اس حسن پہ کچہہ آپ ہیں مغرور بہت سے

اس آنکہہ لڑانے کا برا ہو وے کہ جسمیں
مارے پڑے ہیں ناظر و منظور بہت سے

آجائیے اگر جسمیں تو سو رہئے کوئی دم
کیوں آپ کچہہ اسوقت ہیں مخمور بہت سے

ٹک گور غریباں میں قدم رکہیو سمجہہ کر
آسودہ ہیں یہاں قیصر و فغفور بہت سے

پٹکی جو کہیں ہاتہہ سے شیشہ تنگ گلابی
مجلس میں ہوئے شیشہ دل چور بہت سے

اے مصحفی جاتیں نہ کبہی اوسکی گلی لیک
ہاتہوں سے ہم اس دل کے ہیں مجبور بہت سے

جی سے مجہے چاہ ہے کسی کی
کیا جانے کوئی کسیکے جی کی

شاہد رہیو تو اے شب ہجر
جب کی نہیں آنکھ مصحفی کی

رونے پہ میرے جو تم ہنسو ہو
یہ کونسی بات ہے ہنسی کی

چاہے ہے شفق کو ہوک دیوے
سُرخی تیری رنگ آتشی کی

کیا ریختہ کم ہے مصحفی کا
بو آتی ہے اس میں فارسی کی

بام پر آکر جو شب کچھ اشارا کر گئے
کیا کہیں بس کام ہی آخر ہمارا کر گئے

بخت خوش اونکے جو ہنگام سواری آنکر
سب بدن کا اوسکی چلمن سے نظارا کر گئے

تم کنار غیر سے باہر نہ نکلے شب ہے
اور ہم یاں بحر ہستی سے کنارا کر گئے

گر تیری کوچہ میں گالی بھی کسینے ہمکو دی
ہم تیری خاطر سے اوسکو بھی گوارا کر گئے

مصحفی دنیا مسافر خانہ ہے مثل سرا
ہم بھی یہاں رہ کرکے ایک شب کا گذارا کر گئے

جالی تلک آنا بھی موقوف کیا تمنے
آنکھ ملانا بھی موقوف کیا تم نے

کیا تم سے توقع ہو عاشق کو کہ چلمن سی
کچھ یونہیں دکھانا بھی موقوف کیا تمنے

رستہ میں کبھی تمکو ہم دیکھ تو لیتے تھے
سو باغ کا جانا بھی موقوف کیا تم نے

اتنے تو نہ تھے روٹھے کیا آگئی یہ جی میں
جو پان کا کھانا بھی موقوف کیا تم نے

تا مصحفی خستہ رنگ اور نہ لاوے کچھ
مہندی کا لگانا بھی موقوف کیا تم نے

بیٹھے بیٹھے جو خیال اوسکا گذر جاتا ہی
گھر اشک سے دامن و دریں بھر جاتا ہے

نہیں معلوم کہ کیا نام ہے اوسکا لیکن
کوئی اس کوچہ میں ایک آہ تو بھر جاتا ہے

بزم ماتم ہے کہے تو یہ جہان گذران
یاں جو آیا ہے سو با دیدہ تر جاتا ہے

میں تو ممنوں ہوں تصور کا تیری چوری چھپے
مجھسے آکر وہ ملاقات تو کر جاتا ہے

مصحفی یار مر اپنے شب وصل ایک عجب
کیونکہ اب پو پھٹی اور یار رہی گھر جا تلک ہے

کیا چکے اب فقط میرے نالے کی شاعری
اس عہد میں تیغ کی بہالے کی شاعری

سامان سب طرح کا ہو لٹا نکا جنکے پاس
ہی آج کل اُنہیں کے سالے کی شاعری

شاعر رسالہ دار نہ کیجے ء میں سُنے
ایجاد ہے انہیں کا رسالے کی شاعری

مرد گلیم پوش کو یاں پوچھتا ہے کون
گر گرم ہے تو شال دوشالے کی شاعری

یہ شعر گرم گرم پڑہی جاتی یوں نہیں
منھ بولتی ہی گرم نوالے کی شاعری

گر جو چلا بھی ہو وسے تو ہاں سوز کا سا ہو
کس کام کی و گرنہ جنالے کی شاعری

دیوان جنکو کفش سے افزوں نہیں ذرا
کرتے ہیں کیا وہ لوگ کسالے کی شاعری

کیسا ہی بڑہ چلے وہ کلام شریف پر
سر سبز ہو کبھی نہ رذالے کی شاعری

بعضوں نے تب لو شعر پہ حسرت کی لو کہا
کیا دال ملٹھ بیچنے والے کی شاعری

ہوں مصحفی میں تاجر ملک سخن کہ ہے
خسرو کی طرح یاں بھی اٹالے کی شاعری

خیال حسن پرستی کو طاق پر رکھ کے
تو جیتے جی ہی کال اس اشتیاق پر رکھ کے

فراق میں مجھے اوسکی نہ آوے یارب موت
کہ ڈر ہے یہ کوئی تہمت فراق پر رکھ کے

سمجھ لو اوس سے ہی انداز اشتیاق اُسکا
جو ہاتھ اپنا کوئی تیری ساق پر رکھ کے

گلی میں اوسکے کوئی جاوے کیا جو عاشق کو
سر بریدہ علم کر رواق پر رکھ کے

پڑہوں جو آگے سلیمان کے مصحفی یہ غزل
تو پھر زر اُسکے صلے کا طباق پر رکھ دے

کیا یار واوسے چھوڑ کے ہم بیٹھ رہیں گے
رستے ہی میں جا کر کوئی دم بیٹھ رہیں گے

امید کرم پر تیرے ہم آئے ہیں یاں تک
اک دن نا جو نہ کہیں گے کرم بیٹھ رہیں گے

مت ہمکو تم آزردہ کرو دیکھو کہیں ہیں / پچھتاؤ گے کر کہا کے قسم بیٹھ رہیں گے

قطعہ

سمجھے نہ تھے ہم یہ کہ محبان و عزیزاں / جا کر طرف ملک عدم بیٹھ رہیں گے

اب یہ ہیں جو بچھڑی تو کسی نگری میں ہم بھی / لے اونکی جدائی کا الم بیٹھ رہیں گے

تم بیچ میں لاؤ تو میاں مصحفی اون کو
ایک رات کہیں ملکے ہم بیٹھ رہیں گے

کی اوسنے جو اپنی مجھے تلوار حوالے / میں لیکے وہیں کی دل زار حوالے

جس دم وہ لگا چھوڑنے اقلیم جنوں کو / کی قیس نے اپنی مجھے دستار حوالے

وہ جنس زبوں ہوں نہیں کہ لے ہاتھ میں جسکو / بائع ہی کو کر دیوے خریدار حوالے

قاتل ہی کی مرضی نہیں اسباب ہے ورنہ / سر تیغ کو کرتا یہ گنہگار حوالے

گالی نہیں دیتا ہے تو کر آج بلا سے / خنجر ہی کوئی اوبت خونخوار حوالے

ملتا تھا جہاں ناز و ادا سادہ رخوں کو / واں مجکو ہوئی خوبی گفتار حوالے

مانگے جو کوئی مصحفی افسون محبت
کر لکھکے تو اوسکو میرے اشعار حوالے

تھی گل گلاب کی جو تیرے ہاتھ میں چھڑی / کرتی تھی کار تیغ اشارات میں چھڑی

کیا پھول کھل رہے ہیں مزا ہو جو خشت رز / آدھی چلی تو ایسی طلسمات میں چھڑی

بزم بتاں بھی بزم عروسی سے کم نہیں / جو ہے نئی طرح کی ہر ایک بات میں چھڑی

قالیچہ بزم عشق ہو کسطرح کہ یاں / ہر لحظہ تازیانہ ہے ہر بات میں چھڑی

ہے مصحفی سے اوسکی جو مرچیٹ باغباں
ڈالی کی جا بھی بھیجے ہے سوغات میں چھڑی

آپہنچے ہو گی جو وہ گل ہات میں چھڑی / آتے ہی جڑ دی پہلی ملاقات میں چھڑی

گلچیں کا دامن دیکھ کے شبنم کے دانتوں سے / عادت سے جڑتی ہوئی ہر ایک بات میں چھڑی

اس چوبدار کیسے سیری کیونکہ نہ پیش جائے
دکھلا دے ہے وہ مجھکو ہر ایک بات میں چھڑی

اس جرم پر نہ دست معلم قلم کرو ل
شفتالو کی لگی ہے تیری گات میں چھڑی

اے مصحفی نہ کیونکے ڈریں نیک و بد
حاکم کی ہے قلم تیری ہات میں چھڑی

آنکھوں نے اوسکی سینے پہ تصویر کھینچ لی
سرمہ نے اوسکی چشم کے شمشیر کھینچ لی

زنداں شیان عشق کو یا رب یہ کیا ہوا
پاؤں کی کس نے انکی یہ زنجیر کھینچ لی

اس جذبہ کا ہی ہوں میں دیوانہ کہ یار نے
نظروں میں میرے آہ کی تاثیر کھینچ لی

کر کے دراز ہاتھ میں کوتا خجل ہوا
شانہ نے جب وہ زلف گرہگیر کھینچ لی

ہندوستان میں لے دولت و حشمت جو کچھ تھی
کافر فرنگیوں نے بہ تدبیر کھینچ لی

تو نے تو مصحفی یہ بڑا ہے ستم کیا
ذات اپنے چال کی اوپر سے تیر کھینچ لی

ہے ایک تو آفت شب ہجراں کی سیاہی
گھونگھٹ ہے گلا اسپہ یہ زلفوں کی سیاہی

مجھکو کوئی دیوے ابھی رخصت بوسہ
لب چوس میں خال لب جاناں کی سیاہی

خورشید کو پردے میں چھپا رکھا ہے اوسنے
اللہ رے تیری زلف پریشاں کی سیاہی

ثابت کوئی ناقہ سوار آئے تو چھٹ جائے
بیو جس میں گرد بیاباں کی سیاہی

[illegible]
اور ساتھ ہے شام غریباں کی سیاہی

کوثر تا [illegible] لڑی نہیں جس کی
راتوں کو ترے خال زنخداں کی سیاہی

ہی جو لگا ہی لب جان بخش پر اوسنے
ہم سمجھے اوسی چشمۂ حیواں کی سیاہی

[illegible] گیا کتنی بھلی لگتی ہے مجکو
ساتھ آنکھوں کی مرچی کے ہے مژگاں کی سیاہی

اے مصحفی روتا ہوں میں اوس خال کے غم میں
بہہ جائے نہ کیوں دیدۂ گریاں کی سیاہی

ملنے کو جو تم چاہو تو ہے بات ذرا سی
ایک آن میں ہوتی ہے ملاقات ذرا سی

گنتی ہے شب وصل تو کہتا ہوں میں یا رب
کیا تجھکو بنانی تھی یہی رات ذرا سی

شکل مہ تمام پہ شب بیت گیا کیسا
دکھلا کے جبیں اپنی وہ بدذات ذرا سی

نرگس تیری آنکھوں کو بہت دیکھ رہی ہے
ہو جاوے نہ کاہو کو مکافات ذرا سی

خشخاش کے دانہ پہ یہ جوں سوہی قانع
ہے مصحفی خستہ کی اوقات ذرا سی

ہم گئے جان سے اور آپ نہ گھر سے نکلے
اور جو نکلے تو خدا جانے کدھر سے نکلے

حیف ہے محمل لیلے نہ نمودار ہوا
یوں تو محمل کئی یاں گرد سفر سے نکلے

رکھ کے دستار سجا آپنے مردانہ لباس
رات تم نکلے تو پر زور ہنر سے نکلے

لیکے خنجر جو جگر چاک کیا اوسنے میرا
ٹکڑے الماس کے دو چار جگر سے نکلے

مصحفی کے تئیں ٹھگ مار کے نادم ہو کہ حیف
جیسے سپلٹ سے کئی اوسکی کمر سے نکلے

خدنگ سا شرم و حیا کا نگار رہنے دے
نہ سو بند لگا تو بہت مجکو خوار رہنے دے

تو بیجو اس نہو میری بیقراری سے
میں بیقرار ہوں تو بیقرار رہنے دے

دکھا نہ آنکھ تو آنکھوں کو میری چاہت کی
آنکھوں کو بانشہ آنکھیار رہنے دے

اس اپنے غمزہ و چالاک کو الٰہی شوخ
سمند ناز پہ اوسکو سوار رہنے دے

نہ مصحفی کو لگا ٹھوکر کہ ہے یہ ذلیل
اسی طرح سے اسے خوار و زار رہنے دے

دیکھ اوسکی شب جلیں اوسان ہمارے
پھر پھر کے فلک ہو دے ہے قربان ہمارے

یاں تک ہی رہی تاریخ جسے آگ لگی ہے
دن خاک پھرینگے نہ شعبان ہمارے

جب ہو نسکا ضبط غم عشق تو آخر
کیا پھوٹ ہی دیا گریبان ہمارے

کل یار نگار رنگ سا آئینہ میں سا دیکھ وہ بولے — کیا لال ہوئے ہیں لب و دندان ہمارے
دل تجھسے نہ بیزار ہوا تا تیری طرف سے — ہر چند کہ یاروں نے بہرے کان ہمارے
پہنے ہوئے دیکھا ہے اُسے سُرخ جو جامہ — ہے دجلہ خوں تا بگریبان ہمارے

اے مصحفی ایک تازہ غزل اور سنا دے
مشتاق ہیں آخر تو سخن دان ہمارے

نکلے نہ شب وصل بھی ارمان ہمارے — افسوس کہ جی ہی میں موئے مان ہمارے
ہر چند کہ مدفون ہیں ہم کوئے مغاں میں — جنت میں پڑھے جاتے ہیں قرآن ہمارے
چھیڑنے کو کہا میں نے تو جھنجلا کے وہ بولے — آ سکتے ہیں کہاں تک یہ نگہبان ہمارے
جو ہے سو تمہارا ہی طرفدار ہے صاحب — ہندو ہیں ہمارے نہ مسلمان ہمارے
سوتا ہے وہ جب ساتھ تو جی چاہے ہے اپنا — اک بیٹا اری گل کی ہو درمیان ہمارے
کہتا تھا وہ شب ڈال کے بانہوں کو گلے میں — گردن پہ تیری ہیں کئی احسان ہمارے

کیونکر نہ غزل تیسری اے مصحفی کہیے
یہ قافیے ہیں سلسلہ جنبان ہمارے

خط لکھے یہاں سے گئے انسان ہمارے — پر آپ نہ آئے کسی عنوان ہمارے
گھر شہر میں گہ دشت میں گہ کوہ میں اپنا — اوقات ہیں بے رخت پریشان ہمارے
خواہش کے جو تلووں میں وہ طرح چبھی جا کر — اللہ ہے یوں نکل ارمان ہمارے
لاتا ہے اگر غم تو کرتی ہے وحشت — ہر روز نیا آئے ہے مہمان ہمارے
جب کرکے بناؤ آئے تو آرسی سے یہ بولے — اس وقت تو ہو اٹھے کے تو قربان ہمارے
خواہش سے میں دیکھا تو گل کہنے کر اپنے — کچھ آج بہت آپ ہیں حیران ہمارے

اور اس سے سوا مصحفی کیا ہووے گی شہرت
جنتے ہی لکھے جاتے ہیں دیوان ہمارے

خنجر سے گرم ملو ہے پہ پیدا اوسکے
اور تو کیا کہیں ہم تجھ سے بھلا یاد رہے

جب ہو مقتول کے قاتل سے تو تیغ کچھ اور
کیوں نہ حیران ہو نہ خنجر بھلا دیکھے

گر ترے آمد کی رہی سانے مصحفی سے کی روزی
تو ہو ویران کوئی بر یہ گریہ آباد رہے

دیکھ اوسکو ایک آہ ہم نے کر لی
حسرت سے نگاہ ہم نے کر لی

کیا جانے کوئی کہ گھر میں بیٹھے
اوس شوخ سے راہ ہم نے کر لی

جب اوس نے چلائی تیغ ہم پر
ہاتھوں کی پناہ ہم نے کر لی

نخوت سے جو کوئی پیش آیا
کج اپنی کلاہ ہم نے کر لی

دی ضبط میں جب کہ مصحفی جان
شرم اوسکی گواہ ہم نے کر لی

وہ آکر بام پر جب اپنا مہر و مہر دیکھ لیتا ہے
تو پھر میر لیلیٰ کو ایک نظر پھر دیکھ لیتا ہے

شہید ناز تیرا روز محشر اپنی تربت سے
اٹھے ہے تب کہ جب قاتل کا سر پر دیکھ لیتا ہے

غزل جب دوسری لکھنے لگا ہے مصحفی یارو
تو اوسکی طاقت ہے بہتر سے بہتر دیکھ لیتا ہے

گلی سے اوسکی جاتا ہوں تو کیا ایک چشم حسرت سے
دل مسکیں بسوے رخنۂ در دیکھ لیتا ہے

دل مضطر نہ ہو بیٹھ تو کیوں کر گوش اوسکی …
چلا ہے شکوہ گر شب … اختر دیکھ لیتا ہے

سمک تا شعر کی … مصحفی بزم سخنگویاں
سر … کا … دیکھ لیتا ہے

زہرہ کی جب آئی کہ ہاروت میں انگلی
کی رشک سے … ہاروت نے انگلی

بن دودہ … کے تئیں … کو
رکھی ہے … عجب ایک … انگلی

یوں تو میری ناخن میں ہر ایک تار گریباں
جا … گرفتار … انگلی

شہرت ہے … عالم نے لگا دی
شیریں کی … انگلی

تھا مصحفی یہ مایل گریہ کہ پس از مرگ
تھی اوسکی دہری چشم یہ تابوت میں انگلی

ہم رہ گئے منہ تکتے جب اپنے وہ جا بیٹھے	کیا کام کیا ہے دل کس سے لگا بیٹھے
کیا رنگ حنا میں کچھ دیکھی تھی بھلا خوبی	بازی تیری ہاتھوں سے ہم سادہ جو کھا بیٹھے
اس ضعف سے برسوں کو دم ناک میں آیا تھا	ناچار ہو شب اوسپر ہم جی ہی چلا بیٹھے
آنکھیں تھی کبھی شاید اغیار سے کچھ اوٹھے	یوں سیر لطافت سے جو وہ منہ کو دیا بیٹھے

اے مصحفی بوسے کا سایل تو میں ہوں لیکن
یہ ڈر ہے وہ گالی تو مجکو دے نہ بیٹھے

رباعیات مصحفی

وہ شوخ ابھی تو مجھسے رم کرتا ہے	رباعی	جوں چاہئے اختلاط کم کرتا ہے
اتنا تو ستم نہیں نہ ملنا اوسکا		غیروں سے ملے ہے یہ ستم کرتا ہے
افسوس کہ دل کی بیقراری نگئی	ولہ	فریاد و فغان و آہ و زاری نگئی
وہ کون سا روز ہے کہ تجھ بن جوں شمع		روتے ہوئے مجکو رات ساری نگئی
ہر چند کہ وہ ہوکے خفا جاتا ہے	ولہ	اوس بن کوئی عاشق سو رہا جاتا ہے
دل بستگی ہے دلکو نپٹ اوس سے کمال		وہ چھڑکے ہے یہ ساتھ لگا جاتا ہے
یارب شہر اپنا یوں چھڑایا تو نے	ولہ	ویرانے میں مجکو لا بٹھایا تو نے
میں اور کہاں یہ لکھنؤ کی خلقت		اسے واے یہ کیا کیا خدایا تو نے
یارب تیری بزم رشک گلزار رہے	ولہ	اور بخت جوان سدا تیرا یار رہے
ہے مصحفی غریب کی نت یہ دعا		جب تک کہ جہاں رہے جہاندار رہے
سودا کا سر دیو چکا ہے بازار		اب بزم سخن ہے میری دم گلزار
ہے شان تیری جلوہ گریں ہر وقت		سچ ہے کہ تجلی کو نہیں ہے تکرار

اس کلبۂ احزاں میں وطن تو نے کیا ہے — اس تودۂ خاک کو چمن تو نے کیا ہے
القصہ کہ مصحفی کو اپنے یارب — دستان زن گلزار سخن تو نے کیا ہے
سودا کے خیال کو نہ سمجھے کوئی وہم — سودا فن ریختہ میں گذرا رستم
ہے میر تقی بھی تو اگرچہ استاد — پر اوس کے کلام کا ہے قایل عالم

مخمس بر غزل آصفی

جب سے ہوا ہے مجھ سے وہ پیماں شکن جدا — آتش میں تن جلے ہے جدا اور من جدا
ہووے کسو طرح سے یہ رنج و محن جدا — صورت گراں ہالکم از آں سیمتن جدا
سازید صورتے کہ نباشد ز من جدا

ہر گز غم معاش سے رکھتا نہیں میں درد — فکر معاد نے کیا رنگ چہرہ زرد
جو ہر بتاں سے بھی نہیں بھرتا میں آہ سرد — دارم ز لالہ زار جہاں داغہا کہ کرد
یعقوب را ز یوسف گل پیرہن جدا

ہے لیک میری جان مجھے تجھ سے اتحاد — تیرے سوا کسی کی نہیں مجھ کو لیں یاد
جب تک کہ میں ہوں اور ہے تو ہی ہے مراد — دور از رخت مباد مرا دیدہ بلکہ باد
مردم ز دیدہ دیدہ ز سر سر ز تن جدا

کی زندگی میں مجھ سے وفا سینہ گلبدن — ایسی کہ گل سے کرتے نہیں بلبل چمن
مرنے کے بعد بھی جو مرا خاک ہوگا تن — پیوند نگسلد ز سگت استخوان من
روزیکہ بند بند شود از کفن جدا

ہر دم تراست بر دل یاراں ترحمے — گاہے بخویش و گہ بعزیزاں ترحمے
گاہے بہ مصحفی غزلخواں ترحمے — داری بحال زار غریباں ترحمے
جز آصفی کہ بہر تو شد از وطن جدا

قصیدہ در معذرت اتمام انشا بجناب شہزادہ مرزا سلیمان شکوہ بہادر

قسم بذات خدا کہ ہے سمیع و بصیر
کہ مجھ سے حضرت شہ میں ہوئی نہیں تقصیر

سوائے اسکے کہ حال اپنا کچھ کہا تھا میں عرض
سو وہ بطور شکایت تھی اندکے تقریر

گر اس سے خاطر اقدس پہ کچھ ملال آیا
اور اس گنہ سے ہوا بندہ واجب التعزیر

عوض رُپوں کے ملیں مجھکو گالیاں لاکھوں
عوض دوشالے کے خلعت بشکل نقش حصیر

سلف میں تھا کوئی شاعر نواز ایسا کب
جو ہے تو شاہ سلیماں شکوہ عرش سریر

مزاج میں یہ صفائی کہ کرلیا باور
کسی کے حق میں کسی شخص جو کچھ کہ کی تقریر

مصاحب ایسے کہ گر کچھ کسی سے لغزش ہو
تو اسکے رفع کی ہرگز نہ کرسکیں تدبیر

وگر کریں - تو پھر ایسی کہ نار طیش غضب
مزاج شاہ میں ہو مشتعل بعبد تشویر

سو تاب ذرہ کہاں! نور آفتاب کہاں
کہاں وہ سطوت شاہی! کہاں غرور فقیر!

مقابلہ جو برابر کا ہو تو کچھ کہیئے ::
کہاں بقیع و دیبا کہاں پلاس و حریر

میں ایک فقیر غریب الوطن مسافر نام
رہی ہے آٹھ پہر جسکو قوت کی تدبیر

مرا یقیں ہے کہ مدح حضور اقدس کو
الٹکے پھیر بحرف ذمیمہ دوں تغییر

یہ افترا ہے بنایا ہوا سب انشا کا
کہ بزم و رزم میں ہی پایہ تخت کا وہ مشیر

مزاج شاہ کیوں منحرف تو مجھکو بھی
یہ چاہیئے کہ کروں شکوہ اسکا پیش وزیر

اگر وزیر بھی بولے نہ کچھ خدا کے لئے
تو جاؤں پیش محمدؐ کہ ہے بشیر و نذیر

شفیع روز جزا بادشاہ اوا دلئے
مگر وہ جرم پہ جسکے نہیں لکھی تعذیر

کہوں یہ اس سے کہ ای جرم بخش پرگنہاں
تری غلامی میں آیا ہے دادخواہ فقیر

خطا ہو میری جو پہلے تو کر اسیر مجھے
وگر عدو کی - پنہا اسکو طوق اور زنجیر

اگرچہ بارے انشا نے بے حمیت کو
رہا خموش سمجھ کر میں بازئے تقدیر

ولے غضب ہے بڑا یہ کہ اب وہ چاہے ہے
خیال میں بھی نہ کھینچوں میں ہجو کی تصویر

سو میں لگا نہیں ایسا - بشر ہوں تا کو چند
کہے سے اسکے کرونگا نہ ماجرا تحریر

کیا میں فرض کہ ہیں آپ اُس سے درگذرا
اور اُنہوں نے بھی جو کیا ہیں نے تازیانہ منع
ہزار خمسہ وتیں بیٹھیں ہزار جا پہ ہیں
نہ مانیں تیغ سیاست نہ قہر سلطانی
مزاج آپکا مشغول اسقدر پڑا ہے کہ
پہر اُس سے یہ بھی ہی لینے کا اہتمام کیسے بیچ
فکیت جنکو خدا نے کیا ہو موزوں طبع
یہ کوئی بات ہے جو نہ لسن کے وہ خوش رہیں
مگر یہ بات ہے دانائی کہ سوانگ کا بانی
ہیں آپ ناف کش - اتنا مجھے کہاں مقدور
مرے حواس پریشان ہاں ہیں پریشانی
اگر آپ سے صلح کی ٹہری رہے تو صلح سہی
جواب ایکا یاں دس ہیں اور دس کو سنو
حصول یہ ہے کہ سب کو قوال تک فیصلہ
تو کو قوال ہی ہیں اون سے اب کچھ لیگا
یہ وہ مثل ہے کہ جسطرح سارے شہر کے بیچ
سخن فہم ہے نادان سے جو ستم کیا
ولے مزاج مقدس ہے جو لا اُبالی ہے
جو کچھ ہوا سو ہوا ابیات ہے

پھرے گا مجھ سے کوئی کرم و نظر کا شمیر
تو ہو سکے ہے کوئی انکی وضع کی تدبیر
پہر میں ہمیشہ لئے جمع ساتھ اپنے کثیر
نہ سمجھیں قتل کا وعدہ نہ ضربت شمشیر
ہنسی سمجھتے ہیں ابیات کو نہ ہم کبیر
جو ہو وے منشی تو کچھ نثر میں ابھی تسطیر
اور اپنے فضل سے بخشی ہو شعر میں توقیر
ہوا ہے مصلحۃً گو کہ تصنیفہ ہے اخیر
اگر میں ہوں تو کچھ دیکھیے اب تحریر نا تحریر
کہ فکر اور کروں کچھ بغیر آشفتہ شعیر
ہو جیسے لشکر شکستہ کی خراب بھیر
اگر ہو پھر تو ارادہ شہر ہوں میں بھی شہر بہ شہر
نگاہ کرتے تھے اوّل یا ہیں قلیل و کثیر
کیا ہوا جیسے شہر پیشاور ان شریر
یہ وہ ہمدم کی شکایت کی ہے عبث تحریر
بانداز قاضی ابھی سے سمجھ ہو لبسیر
قباحت اسکی جو سمجھے شاد ہو مکو دے تحریر
نہیں خیال میں آتا خیال حرف حقیر
زیادہ کرنہ صداقت کا تاسیر الحریر

خدا پہ چہوڑ دے سب آسیات کو وہ مالک ہے
کہو حق بجا بجا ہے جو چاہا کیا پہ کہ تم

بسم اللہ

مثنوی شعلۂ شوق

یہ جو ایک خونچکاں حکایت ہے
اوسکی راوی سے یوں روایت ہے

کہ کسی نگری میں بطرف شمال
ایک تنبولی بچہ تھا بے مثال

شہرۂ حسن اوسکا ہر سو تھا
ماہ سیما ہلال ابرو تھا

خوبرو تھا زبس وہ غیرت ماہ
ہر کسو کی پڑے تھی اوسپہ نگاہ

دور و نزدیک اوسپہ مرتے تھے
نقد دل مفت نذر کرتے تھے

آکے دوکاں پہ وہ پری رخسار
بیٹھتا جب کہ بر سر بازار

حسن یوسف سی یاد دیتا تھا
دلفریبی کی داد دیتا تھا

جو کہ اوس راستے گذر کرتا
اوسپہ خواہش کی ایک نظر کرتا

تھے خریدار اوسکے جی سے ہزار
حسن تھا اوسکا گرمئ بازار

اتفاقاً رہا شب آکے ادھر
اوسی بستی کے باہر ایک لشکر

لشکری بستی میں سے ہو نکلے
ایدھر اودھر سے ایک دو نکلے

ناگہاں ایک جوان کہنہ سوار
آن نکلا جو بر سر بازار

دیکھ کافر کی ابروئے پر خم
کھا گیا دل پہ زخم تیغ الم

آفت ایک اوسکی جان پر آئی
یہ بلا اوس جوان پہ آئی

کھب گئی دل میں چشم کافر کی کشش
سینہ پلکوں نے کر دیا سب ریش

ہاتھ سے چھوٹ گئی زمام سمند
خانۂ زیں پہ رہگیا جا بند

آکے حسرت نے اوسکو گھیر لیا
دوڑ کر بیہشی نے تھام لیا

آخر کار ہو کے سودائی
دل میں یہ بات اپنے ٹھہرائی

کہ یہاں جب تلک ہے یہ لشکر
رہئے صورت کو اوسکی مد نظر

الغرض لیکے صبح سے تا شام | بیٹھ کر دیکھتا تھا اوسکو مدام
ہو گیا جام عشق سے سرمست | مثل نیلوفر آفتاب پرست
شکل آئینہ اوسکا حیراں تھا | ہر سحر روبروے دوکاں تھا
قیمت ایک پیسہ اوسکی دیتا تھا | اوس سے ہر روز ایک گلوری لیتا تھا
عشق میں ساتھ تھی حیا اوسکے | ربط خوبی نتھی سوا اوسکے
جی پر اوسکی جو کچھ گذرتا تھا | دل ہی دل میں بیان کرتا تھا
لب سی محروم تھی صدائے آہ | بہ گئی تھی سرشک ہوکے نگاہ
روز تا شب رکھے تھا ضبط سے کام | تھا اُسے بس نہفتہ ربط سے کام
اسی صورت سے گذرے جب کئی ماہ | وارث اوس طفل کے ہوئے آگاہ
کہ یہاں آکے صبح سے یہ جوان | اسپہ رہتا ہے نت نظارہ کناں
غالباً اس سے لاگ ہے اسکو | کیجیے اسکی کچھ کچھ تگ و دو
باپ بھائی تھے سخت دانشمند | یہی تدبیر کی انہوں نے پسند
کہ کوئی اس جواں سے کچھ نہ کہو | کرم حق ہے یہ خموش رہو
رب نے ایسا ہمیں دیا بیٹا | محو صورت ہے یہ جوان جسکا
اپنی خواہش کی داد دیتا ہے | دیکھیے کیا ہمارا لیتا ہے
بعد یک چند واں سے جب ناگاہ | لائی جمع غفیر رو سے نگاہ
رات سے کوچ کا نقارہ ہوا | دل جواں کا ہزار پارہ ہوا
تھا تنبولی بچے کا وہ نوکر | رہ گیا فوج سے جدا ہوکر
مال پر جل شہر سے لیتا اسپ | سب دیا راہ میں لٹا یا اسپ
سر بسر تھے عشق کا پتلا | رہ گیا آپ ایک تن تنہا
سر پہ اوسکے جنوں نے جوش کیا | یار رفیقاں وداع ہوش کیا

ہجرت یار میں دل لگا بیٹھا — پیرہن چاک کر کے جا بیٹھا

ہو گیا رفتہ رفتہ سودائی — حیاء آخر کو بھی بہ سودائی

نوک مژگاں سے اشک خوں ٹپکا — فصد کھلوائی تو جنوں ٹپکا

غم چھپایا بہت و لے نہ چھپا — راز ناگفتہ ہو گیا رسوا

تب تو ہونے لگا جو اوسکا گذار — مثل مجنوں کے بر سر بازار

نہ وہ عشرت رہی نہ وہ حسرت — رفتہ رفتہ بگڑ گئی ہیئت

ناوک حسن نے نشانہ کیا — عشق نے عاشق یگانہ کیا

شفقتی اپ جب ہو گئی سال — غم سے گھٹنے لگا وہ بدشال

دن بدن رنگ زرد ہونے لگا — خود بخود دل میں درد ہونے لگا

خفقان دلپہ جو ہوا طاری — آ کے لیٹا بفرش بیماری

لٹ گئی رنگ سرخ کی گلزار — ہو گیا زرد لالہ رخسار

عشق کی لگ گئی نظر اوسکو — مرگ نے آ کے دی خبر اوسکو

کہ تو یا رب نگاہ گرم نہیں — تجھکو نظارگی سے شرم نہیں

منہ چھپا لے کہ ہے حیا بیزار — تجھ سے اے بت ہو خدا بیزار

بس بہت تو نے خود فروشی کی — اب اشارت ہے روپوشی کی

سنتے ہی یہ خبر وہ رشک قمر — آہ بھر کر گیا جہاں سے گذر

یہ خبر شہر میں ہوئی مشہور — کہ وہ حسرت فزاے جلوہ حور

آج دنیا سے نا امید گیا — کتنی تدبیریں کیں و لے نہ بچا

ہوئے مصروف تعزیت اپنے غم — ہو گیا خانہ خانہ ماتم

آخر کار باز بان درد — روئی ماں کر کے یہ بیان درد

کاہے میرے لال تھا تو گھر کا چراغ — تیرے چھٹنے سے ہے جگر پر داغ

غرض ارتھی کو اوسکی کر تیار — لے چلے یکدگر جو خویش و تبار

اوسکے گھر ہی یہ جوان ہی با دل زار — ساتھ ارتھی کے ہو گیا یک بار

کر دیا جب برسم قوم ہنود — مردہ اوسکا سپرد آتش و دود

یہ جوان ایک درخت تھا تھنا — ٹہنی پکڑے ہوئے تھا اوسکی کھڑا

آگ واں جو اوسے جلاتی تھی — اوسکو باطن میں سوخت پاتی تھی

یکدو ساعت میں جب وہ لالہ عذار — ہو گیا جلکے خاک کا انبار

واں سے ہر ایک نے عزم خانہ کیا — آدم ایک پیشتر روانہ کیا

لیک ہونے لگے وہ جب راہی — ہوئے تب اوس جوان سے آگاہی

باپ نے بیٹے سے کہی یہ بات — جاکر اوسکو بھی لے لے اپنی سات

کیونکہ اوسکا انیس ہر دم تھا — وہ جو گل تھا تو یہ بھی شبنم تھا

پاس جا جو نہیں اوسکا پکڑا ہات — کیا کہوں ہائے وہ حمیدہ صفات

گر پڑا جیسے قالب بیجان — نہ رہی خاک اوسمیں تاب و توان

روح کا اوسکی کچھ نشاں نہ ملا — خاک میں کیا وہ نوجوان نہ ملا

عشق کے سوز نے کیا یہ اثر — کہ ہوا بن جلے وہ خاکستر

کیا عجب عشق ہے وہ خانہ خراب — جس سے کھنچ جائے آسمان کی طناب

عشق کی دیکھی جب ہیں یہ بیداد — مجکو مطلع اک انشا آیا یاد

عشق ہی آفت و بلا تو نہیں — اسکا مارا کوئی بچا تو نہیں

ابتو اس داستاں کو کوتہ کر — مصحفی طول عشق کو تہ کر

ہے جو چنگاری ایک شعلہ نما — شعلہ شوق نام ہے اسکا

تمت

۱۷ نومبر ۱۹۰۵ء